الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

بہ فیض قادر مجید و فضل رسول حمید در زمان سعید کتاب مسرت افزای روحانی

یعنی

دیوان منقبت سید الافراد جناب محبوب سبحانی

سنہ ۱۲۹۹ ھ

تصنیف منیف مقبول درگاہ یزدانی مولانا مولوی محمد عبد القادر صاحب بدایونی

بمطبع جامع عجائب تجارت متفقہ مسلم امیر محمد حسن باہتمام حاجی محمد فطرت اکبر مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترا کیا وصف ہو مجھسے یا محبوب سبحانی
ترے تابع ہیں سارے اولیا محبوب سبحانی

خدا نے معجزات احمدی کا آپکو مظہر
کیا از ابتدا تا انتہا محبوب سبحانی

تحیر میں ہی سب گو دی ایکی طفلی میں
زمین سی تا سما جب تو اوڑا محبوب سبحانی

ترا فرمان عالیشان نافذ ہی زمانہ مین
سزا پائی کیا جسنے ابا محبوب سبحانی

زمین پر گر پڑا تہا دین برحق ضعف کے باعث
تمہاری دستگیری سی اٹھا محبوب سبحانی

تری دربار مین آیا ہون مین بہی ملتجی ہوکر
خدا را سنلے میری التجا محبوب سبحانی

تصرف کا علی الاطلاق تمنے مرتبہ پایا
مسخر سب جہان ہی آپ کا محبوب سبحانی

مدد کرنا مری دنیا و قبر و حشر مین ہر جا
ترا ہی مجکو ہر دم آسرا محبوب سبحانی

نہ کہائی عقل کا غواص کیون غوطی کہ ہر جانب
تمہاری فیض کا دریا بہا محبوب سبحانی

خدای پاک نی بخشا وہ تمکو رتبہ قدرت — کیا مردونکو زندہ بارہا محبوب سبحانی
تمہاری نام کی لینے سی ٹلجاتی ہین اکدم مین — وبا وآفت ورنج وبلا محبوب سبحانی
ہمیشہ تمسے ماہ وسال کہجاتے ہتے خود اگر — سب اپنا حال اچہا یا برا محبوب سبحانی
فلک حیران ہے جسکی پایہ پائین کی رفعت سے — ترا روضہ ہی وہ عالی بنا محبوب سبحانی
تری کوچہ کی ہر ذرہ کو بخشا نور وہ حقنے — خجل ہی جس سے در بی بہا محبوب سبحانی
بدی کردہ ردی توفیق مجکو نیک کامونکی — برا ہون تو مجہے کردی بہلا محبوب سبحانی
بایام رضاعت ماہ صوم فرض مین تمنے — نہ دن مین شیر مادر کا پیا محبوب سبحانی
ترا پیارا خدا کا اور خدا والون کا پیارا ہی — ہوا مردود جو تجہسے پھرا محبوب سبحانی
تجہے اجرا فیض باطنی مین سب سلاسل کا — کیا حقنے امام و پیشوا محبوب سبحانی
ہوا طفلی مین نازل آپ جب مکتب کو جاتے تہے — حفاظت کو ملائک کا پرا محبوب سبحانی
پہرون کب تک بہٹکتا مین خدا را اب بتا دیجے — خدا کی وصل کا مجہکو پتا محبوب سبحانی
پیاسا ہون تصدق اپنی میخانہ کی مستونکا — مجہے بہی جام دی اپنا پلا محبوب سبحانی
بڑہا یا اولیا مین حقنی تیرا مرتبہ سب سی — بیان کیا ہوسکی رتبہ تیرا محبوب سبحانی
ہی قاصر طائر فکر رسا توصیف سے تیرے — ثنا سی توسن خامہ ہتکا محبوب سبحانی
تو وہ ممدوح ہی مداح ہی سارا جہان تیرا — لکہون مین کیا تری مدح و ثنا محبوب سبحانی
بلا لوا ب تو خدمت مین کہ ہون بیتاب فرقت مین — بہلا تم سی ہون کب تک جدا محبوب سبحانی
بجہادے شربت دیدار سی اب آتش حرمان — تپ فرقت سی دل میرا جلا محبوب سبحانی

ہوا ہے دل مرا تاریک و تیرہ زنگ عصیان سے
کرم سے اپنی کرا سکی جلا محبوب سبحانی

مری اعدا کو کر مخذول اپنی حکم محکم سے
اوٹھاؤن کب تلک جور و جفا محبوب سبحانی

تری محکوم فرمان مین تمامی اولیا اللہ
تری قدمون پہ سبکا ہے جھکا محبوب سبحانی

شہ عالم شفیع مذنبین کا تو پیارا ہے
شفاعت کر مری روز جزا محبوب سبحانی

مدینہ مین نجف مین کربلا مین ظاہر و باطن
تمہارا ذکر پایا جا بجا محبوب سبحانی

فدا ہین مثل بلبل گل ہی تیری روے خندان پہ
گلستان مین ہے تیرا چرچا محبوب سبحانی

بہت مشتاق ہون پھر لطف سے میرے حمایت کر
سفر پھر ہو مرا سوی حمی محبوب سبحانی

ہمیشہ لطف سے دے شوق مجکو نیک کامونکا
بری کامون سے دی مجکو حیا محبوب سبحانی

خدای پاک کا بیشک ہوا نازل غضب اوسپر
ہوے جس آدمی سی تم خفا محبوب سبحانی

بروز حشر اپنی لطف سی تم بخشوا لینا
خدا سے سب مرے جرم و خطا محبوب سبحانی

ہزارون کو کیا کامل نگاہ لطف سی تمنے
ادہر بہی ایک نظر بہر خدا محبوب سبحانی

تمہاری خاک در سب دردمندان دو عالم کی
خدا کے فضل سی ہٹری دوا محبوب سبحانی

بھروسا ذاتکا تیری مجہی ہی دین و دنیا مین
کرو تو ہی حامی بہر دوسرا محبوب سبحانی

بھروسا ہی ہوگی رد خدا مقبول کر لیگا
توسل سی تری میری دعا محبوب سبحانی

دبا جاتا ہون بار غم سی اب مسرور کر مجکو
مصائب سی مرا ہی دل دکہا محبوب سبحانی

ہی شیطان میرا رہزن خضر راہ معرفت ہی تو
رہ قرب خدا مجکو دکہا محبوب سبحانی

یہ فرماتی ہین اہل دل کہ فیضان ولایت مین
ہوا تمسا نہ ہوگا دوسرا محبوب سبحانی

بیان داد و دہش کیا ہو تمہارے فضل کے لائے — جسے جو آپ نے چاہا دیا محبوب سبحانی

حقیقت کب تری ادراک میں آئی کہ قاصر ہیں — خرد فکر رسا فہم و ذکا محبوب سبحانی

اگر خورشید محشر سر پہ چڑہی میری دکہا دینا — رخ انور کا تم جلوہ ذرا محبوب سبحانی

ہزارون کی مدد کی آپنی صحرا و دریا مین — کرو میری بہی حاجت روا محبوب سبحانی

علی راسی عینی کہکے اہل اللہ نے تیرا — قدم آداب سی سر پر رکہا محبوب سبحانی

خدا راضی ہوا اُس سا خدا سی دین و دنیا مین — ہوا جو آپکا محو رضا محبوب سبحانی

مقید ہو رہا ہون دام غم قید مصیبت مین — کرو بہر خدا مجکو رہا محبوب سبحانی

بدل کر احتلام خواب سی اسکو امان بخشی — لکہا قسمت مین تہا جسکی زنا محبوب سبحانی

بیان کیا ہو تری احکام کا جاہ و جلال و شان — عیان ہے وہ زمین سے تا سما محبوب سبحانی

کہان افراد و اقطاب جہان تیری برابر ہون — کہ تو ہی ماہ اور وہ مین سہا محبوب سبحانی

اطاعت مین تری سب انس و جن اکر ہوئے حاضر — ترے فرمان کو جسدم سنا محبوب سبحانی

جسے چاہے اسی دم بہر مین دیدے نعمت بیحد — لکہون کیا کیا تری جود و سخا محبوب سبحانی

نبی کا تمنے دین زندہ کیا کسکو لقب بخشا — خدا نے محی دین تیری سوا محبوب سبحانی

اگر چاہو تو یک دلی اشارہ سی عطا کر دو — مریض لا دوا کو تم شفا محبوب سبحانی

کہلے یہ غنچۂ دل و مشام جان معطر ہو — ترے در سی اگر آئے صبا محبوب سبحانی

بحق حضرت شاہ رسل تجکو پکارون جب — بگوش لطف سن میری صدا محبوب سبحانی

بحق حضرت صدیق اکبر لطف سی اپنے — عطا کر دو مجھے صدق و صفا محبوب سبحانی

پئے فاروق اعظم دین پہ ثابت رکھہ قدم میرا
ثنا کا اہل وے مجکو صلا محبوب سبحانی

پئے عثمانِ ذو النورین نورِ ظاہر و باطن
عطا کر دلکو دی میری ضیا محبوب سبحانی

طفیل بو تراب پاک میری اب مسِ دل کو
کر اکسیر کرامت سی طلا محبوب سبحانی

پئی سبطین دی نور حقیقت باطنًا مجکو
شریعت پہ مجھے رکھہ ظاہرا محبوب سبحانی

گنہ سی پاک کر کے عیب پوشی میری تم کرنا
قیامت مین پئی آلِ عبا محبوب سبحانی

علو شان کا تیری عالم علوی مین چرچا ہے
بیان کیا ہو ترا عز و علا محبوب سبحانی

مرے گھیری مجھی چارو نطرف سی آ ستاتی ہین
بلا و آفت و رنج و عنا محبوب سبحانی

ہوی سیراب جس سے تشنگان شربت وحدت
وہ جاری ہی ترا بحرِ عطا محبوب سبحانی

مثالِ طور روشن کر دیا حق نے تری خاطر
شبِ دیجور مین تیرا عصا محبوب سبحانی

مثال منّ و سلویٰ واسطی افطار کی تیرے
خدا نی غیب سی بھیجے غذا محبوب سبحانی

گدا در کے تری ہین دولت دنیا سی مستغنی
کرینگے لیکی کیا مال و غنا محبوب سبحانی

مرا حاجب ہی کسب خیر سی پردہ گنا ہونکا
تری قبضہ مین ہی کشفِ غطا محبوب سبحانی

حبیب مصطفٰے ہو اور معشوقِ خدا ہو تم
خدائی کیون نہ ہو تم پر فدا محبوب سبحانی

تڑپ جاتا ہی دل بے تاب ہو کر یاد آتی ہے
مجھے بغداد کی جسدم فضا محبوب سبحانی

مٹا دی میری دل سی خواہش دنیا و مافیہا
عطا کر دولتِ فقر و فنا محبوب سبحانی

شریعت کی طریقت کی کرامت کی ولایت کی
درست آئی تری بر مین قبا محبوب سبحانی

تجھے ہی کن فکان کا مرتبہ اللہ نے بخشا
دعا سی پھر گئی تیری قضا محبوب سبحانی

فضا گلشن کی خوش آتی نہین ہے میری آنکھون مین — وہ نقشہ تیری روضہ کا کھپا محبوب سبحانی
تری در کی تمنا ہی نسیم فیض سی اپنے — مری پھر غنچۂ دلکو کھلا محبوب سبحانی
ہوس کیون ہو سے سب اڑاتی خاک پھرتے ہین — تمہاری خاک در ہی کیمیا محبوب سبحانی
کرم وہ ہوا دنیا و دین مین ہر کرامت سی — کرم تو نی ذرا جسپر کیا محبوب سبحانی
ہوا دنیا مین سوا دین کا اسنی زیان پایا — نہ مانا آپکا جسنے کہا محبوب سبحانی
ہوا پر فرد کامل اولیا سی ایک اوڑتا تھا — نہ پاس اسنے کیا بغداد کا محبوب سبحانی
ہوئی سب طاقت پرواز اسکی ناگہان زائل — ور دولت سرا پر وہ گرا محبوب سبحانی
کرم کی راہ سی جب آپنی اسکی خطا بخشی — ہوا پر پھر وہین وہ اڑگیا محبوب سبحانی
جسے چاہی کرم سی تاج شاہی بخش دیتا ہی — تمہاری در کا اک ادنی گدا محبوب سبحانی
ہجوم غم کا بخت نارسا کا نفس سرکش کا — کرون کس کس کا تم سی مین گلا محبوب سبحانی
تمامی اولیا نے حکم سی حق کی قدم تیرا — جھکا کر گردنین سر پر لیا محبوب سبحانی
خبر اب لیجیے میری کہ سب اسباب جمعیت — مرا دست تفکر سی لٹا محبوب سبحانی
دکھا دی اپنا جلوہ جاگتے سوتے کبھی مجکو — کہ مدت سی ہون مشتاق لقا محبوب سبحانی
مجھے وہ جام می اب دی کہ میرا کام جان پائے — تری عشق و محبت کا مزا محبوب سبحانی
صفائی لوث دنیا سی عطا کر کے میرے دلکو — رکھ اپنی یاد مین صبح و مسا محبوب سبحانی
مین بیکس حال دل کس سے کہون جا کر کہ حامی ہے — سوا تیری نہین کوئی مرا محبوب سبحانی
امامت تیری ساری اولیا تسلیم کرتے ہین — وہ سب ہین مقتدی تو مقتدا محبوب سبحانی

نہ کیون سب حل مشکل آپکے درگاہ ہی چاہین
کرم ہو نائب مشکلکشا محبوب سبحانی

نپایا ہے نپائیگا قیامت تک ولی کوئی
جو رتبہ آپکو حق سے ملا محبوب سبحانی

پلا کر ہاتہ سے اپنی مجہے جام مئی عرفان
بنالے مجکو اپنا مبتلا محبوب سبحانی

وہ ہوجاتی ہین محو ذات پاک حق چڑہی جنکو
شراب عشق کا تیری نشا محبوب سبحانی

خدای پاک نے ہی آپکے ہاتہون سے فرمائی
درخت دین کے نشو و نما محبوب سبحانی

زبان حال سے ہین غنچہ و گل نغمہ خوان تیری
نہ تنہا بلبلین ہین خوش نوا محبوب سبحانی

یہی ہی آرزو مجکو حضوری ہو رہو ہردم
مری آنکہون مین تم جلوہ نما محبوب سبحانی

ترا فہم مراتب کسطرح ہو مجہسے عاجز سے
عقول عاقلان سے ہے ورا محبوب سبحانی

مریضونکو تمہاری مدرسہ کے گہاس کہانی سے
ہوئی صحت گئی بالکل وبا محبوب سبحانی

چہوڑا دیجی مجہے اب بند افکار و مصائب سے
در فضل و کرم کر مجہپہ وا محبوب سبحانی

شہ مردان کا تو نائب ہے تیرا نام نامی ہے
حصار عافیت روز دغا محبوب سبحانی

مسخر خاک و آتش ہین تری فرمان والا کے
تری تابع ہین سب آب و ہوا محبوب سبحانی

ہوا آب وضوی تیری گہر مین شیخ ہمی کے
درخت خشک یکدم مین ہرا محبوب سبحانی

مری دلکو عطا کر نعمتین ایمان و عرفان کی
مٹادی سب مری حرص و ہوا محبوب سبحانی

ہوا جو سلسلہ مین منسلک تیری غلامی کے
وہی ہے سالک راہ ہدا محبوب سبحانی

طفیل بیعت فضل رسول پاک ہون مین بہی
غلامی مین تری داخل ہوا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو روز و شب آٹھون پہر ہر دم
وظیفہ ورد ہے یا غوث یا محبوب سبحانی

ردیف الباء الموحدہ

غم فرقت سے ہون بیتاب یا محبوب سبحانی — دکھا دو روے عالمتاب یا محبوب سبحانی
شہا تو افضل الافراد ہے و اکمل الاقطاب — لکھون کیا کیا تری القاب یا محبوب سبحانی
جناب سرور عالم نے خود ارباب باطن کو — سکھائے ہین ترے آداب یا محبوب سبحانی
تری ہی در سے ساری اولیا نے فیض پایا ہے — وہ ذی رتبہ ہے تیرا باب یا محبوب سبحانی
ہوے اکدم مین چار سو کافر مسلمان سب — تمہارا دیکھکر مہتاب یا محبوب سبحانی
تمامی اولیا نے سر جھکایا تیرے قدمون پہ — وہ ہون افراد یا اقطاب یا محبوب سبحانی
سقانی الحب کاسات الوصال کی شہا مجکو — پلاوے اب شراب ناب یا محبوب سبحانی
نبی فضل رسول پاک میرے کشت مقصد کو — کرا اپنے فضل سے سیراب یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی ہے تمنا یاد مین تیری
رہون مین اور مری احباب یا محبوب سبحانی

یہ دل میرا ہی اب ترغیب یا محبوب سبحانی — کہ تیری در کی سونگھون طیب یا محبوب سبحانی
گرے قدمون پہ سب اہل تقرب جب کہا تمنے — انا فی حضرۃ التقریب یا محبوب سبحانی
نمانا جس نے تیرا حکم حکم حق سے ہے اسکو — ملے تنبیہ اور تادیب یا محبوب سبحانی

ترا فضل و کرم حافظ ہی میرا دین و دنیا مین ۔ عدو ہین گو پی تخریب یا محبوب سبحانی

وا اقدامی علی عنق الرجال جب کہا تم نے ۔ رسول حق نی کی تصویب یا محبوب سبحانی

وسیلہ ہی ہو فضل رسول پاک کی مجھکو ۔ فشار قبر اور تعذیب یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہر دم رہی مدحت سرا تیرا
رہی جب تک دہن مین جیب یا محبوب سبحانی

تمہارا ذکر ہی کیا خوب یا محبوب سبحانی ۔ کہ ہر مومن کو ہی مرغوب یا محبوب سبحانی

شہا مخدوم تو ہی اور باقی اولیا خادم ۔ وہ ہون سالک و یا مجذوب یا محبوب سبحانی

تری تقدیم کے اثبات مین جسنے کی تاخیر ۔ کمال اسکا ہوا مسلوب یا محبوب سبحانی

مناصب ہین ولایت کے تری قبضہ مین کردی تو ۔ جسے چاہی اسی منصوب یا محبوب سبحانی

اگر رند جہان پر اک نظر ہی تیری پڑجاوی ۔ وہ ہو خوش وضع خوش اسلوب یا محبوب سبحانی

ہوا ہی تجربہ سب در اسکا رنج و کربت ہو ۔ پکاری جب تجہی مکروب یا محبوب سبحانی

تجہی قلب حقایق کا ہی رتبہ قلب کے میرے ۔ بدی نیکی سی کر مقلوب یا محبوب سبحانی

مٹا کر کفر کو کیا دم بہر مین از ابدال ۔ مٹا دی میرا اثم حوب یا محبوب سبحانی

چھپا دی میری عیبونکو تمنا تجہسے رکہتا ہی ۔ ترا یہ بندہ معیوب یا محبوب سبحانی

پی فضل رسول اپنی محبت مجکو کامل دی ۔ وہ ہی جیسے تری محجوب یا محبوب سبحانی

شہا نسبت **فقیر قادری** کی حکم اچھا ہو
کہ ہی تیری طرف منسوب یا محبوب سبحانی

ردیف التاء المثناة

ہی مثل شمس تیری ذات یا محبوب سبحانی
ہین ساری اولیا ذرات یا محبوب سبحانی

رسول پاک نی تمکو کہا شیخ المشائخ ہی
کہ ہی تم سید السادات یا محبوب سبحانی

تمامی اولیا کی گردنون پر ہی قدم تیرا
عیان کالشمس ہے یہ بات یا محبوب سبحانی

کرامات مشائخ خارق عادات ہوتی ہین
ولی ہین وہ تیری عادات یا محبوب سبحانی

مقام کن فکان قدرت سے حق کی ہی ملا تمکو
روا کر میری سب حاجات یا محبوب سبحانی

جمال پاک کو تیری جو وقت نزع مین دیکھون
تو بنجائین میری اوقات یا محبوب سبحانی

کرم کر مجھپہ ہی حکم خدا سی تیری ہاتھون مین
کتاب محو او اثبات یا محبوب سبحانی

مجھی وو نعمت دین نبی اپنے خزانہ سے
کہ مین دنیا پہ ہارون لات یا محبوب سبحانی

تری ہی آسری پر دشمنون سے بحث کرتا ہون
وہ سب کہائین گے مجھسے مات یا محبوب سبحانی

طفیل عزت فضل رسول پاک تم مجھکو
بچالو از ہمہ آفات یا محبوب سبحانی

تمنا ہی فقیر قادری کی ہو ترا جلوہ
دل و جان مین میری دن رات یا محبوب سبحانی

فرشتونکی ہو تم منعوت یا محبوب سبحانی
ہی تمسے زینت ناسوت یا محبوب سبحانی

شراب وصل حق شربت ہے تیرا رات دن ماورے
غذا ہی قرب تیرا قوت یا محبوب سبحانی

پڑی جب آپکے دریا مین پانی پر نماز آئی
قدمبوسی کو فوج حوت یا محبوب سبحانی

ترا مین مدح خوان ہون جیسے ہے حضرت یوسف ... ثمن مین لائی پڑ ہیا سوت یا محبوب سبحانی
تری آثار سی ہر رنج کی تسکین ہوتی ہے ... سکینہ کا تہا جیون تابوت یا محبوب سبحانی
بفضل رسول پاک میری اب مدد فرما ... کہ ہو جاوین عدو مبہوت یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون تیری سنگ در کا شیدا ہون
کرونگا کیا دُر و یاقوت یا محبوب سبحانی

تری ہی شش جہت مین صیت یا محبوب سبحانی ... نہین کچہہ حاجت تصویت یا محبوب سبحانی
گذر آسان پل پہ ہو جسدم تیری قدمون سے ... قدم کی ہو مرے تثبیت یا محبوب سبحانی
سیہ رو ہون قیامت مین مجہی تم سرخرو کرنا ... کہ میرا ورد ہے کبریت یا محبوب سبحانی
جلال فرات والا کیا بیان ہو بہاگ جاتی ہین ... تمہارے نام سی عفریت یا محبوب سبحانی
حضوری تیری ہو مجکو علی الاطلاق ہر ساعت ... بلا تقیید و بلی توقیت یا محبوب سبحانی
بفضل رسول پاک میری جمیع اعدا کی ... کرا پنے حکم سے تشتیت یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو دشمنان دین پہ غالب کہہ
کرا نکی غیب سے تبکیت یا محبوب سبحانی

ردیف الثاء المثلثہ

ترے تابع ہین سب اغواث یا محبوب سبحانی ... ہی قطبیت تری میراث یا محبوب سبحانی
تری تقدیم اہل دین قدیما کری آئی ہین ... نہین ہے یہ مرا احداث یا محبوب سبحانی

چھٹا دنیا کی کچھون سے مجھے اب صرف بہا ہین
تری وصاف کے ابحاث یا محبوب سبحانی

تجھے سوتی مین تہا الہام ہوتا شبل ہدایی
نہین خوابین تری اضغاث یا محبوب سبحانی

مدد کیجی فقیر قادری کی قبر پر اگر
اٹھین جب مردی از اجداث یا محبوب سبحانی

ردیف الجیم

ہے دینکی متنی کی ترویج یا محبوب سبحانی
جما عرفانکا تہے ہیج یا محبوب سبحانی

تری ہی روح ہی معراج مین کب شہ دین کے
ہوئی کیا کیا تری تعریج یا محبوب سبحانی

خدا سے مصطفے سے مرتضی سے آپ تک پہنچا
خدا کا فیض بالتدریج یا محبوب سبحانی

پہنسا ہون رنج وکربت مین تمہین یکدم مین ہو آسان
مصائب کی مری تفریج یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو دین حق پر استقامت دے
ہے شیطان دین کی تعویج یا محبوب سبحانی

تری درکا ہون مین محتاج یا محبوب سبحانی
طلو نگا تجہہ سے لیکر آج یا محبوب سبحانی

نہ عالم ہے نہ شاعر ہے ترا مداح قصبانی
ہے تیری ہاتھہ اسکی لاج یا محبوب سبحانی

ہمیشہ سی ہی تیری سلطنت ملک ولایت مین
قیامت تک ہی تیرا راج یا محبوب سبحانی

جنود اللہ کا واللہ تو ہی میر لشکر ہے
مشائخ ہین تری افواج یا محبوب سبحانی

تری مجلس کے عزت کیلئے تشریف لاتے ہے
جناب صاحب معراج یا محبوب سبحانی

کمی کی کب ہی گنجائش خزانہ تیرا غیبی ہی
خدائی ہے ترا اخراج یا محبوب سبحانی

سُنا جب تم صفا مروہ پہ اگر جلوہ کرتے ہو
ہوئی ہین مست کیا حجاج یا محبوب سبحانی

کرم تیری غلامونکا ہو جب اُسکو دیتی ہین
سلاطین دلی نذر و باج یا محبوب سبحانی

جو تم ہو ناخدا پھر کیون ہو کشتی بحر آفت مین
غریق لجۂ امواج یا محبوب سبحانی

بچا لو مجکو آفت سی پئی فضل رسول اب تم
ہوئی دو مجھے تاراج یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی ہے تری نعلین سے عزت
نہین درکار تخت و تاج یا محبوب سبحانی

ردیف الحاء المہملہ

مین کہکر پہلے یا فتاح یا محبوب سبحانی
ترا ہوتا ہون اب مداح یا محبوب سبحانی

خوشی کی تیری دستخط چاہتا ہون شاعرونکی ہے
مجھی کیا حاجت اصلاح یا محبوب سبحانی

مقفل کسطرح باب مقاصد ہو شہا میرا
کہ تیرا نام ہی مفتاح یا محبوب سبحانی

فتوحات کرم کا کیون نہو مفتوح دروازہ
ہی تجھسے مجکو استفتاح یا محبوب سبحانی

تری احکام ہین سب عالم اجسام پر نافذ
تری قبضہ مین ہین ارواح یا محبوب سبحانی

ہزارون کی کرے حاجت روا اللہ اب کردو
مری مقصد کا ہی انجاح یا محبوب سبحانی

کری جب شاہ سنجر نی خواہش سیب کی تھی
منگا یا غیب سی تفاح یا محبوب سبحانی

مری کشتی ہے اگر بحر مصیبت مین تو کیا غم ہے
تصور ہے ترا ملاح یا محبوب سبحانی

نکالون حوصلہ سر کا جو تیری آستانہ کی — نظر آوین مجھے الواح یا محبوب سبحانی
پئی فضل رسول اب پوری کر حاجت کہ واضح ہے — نہین کچھ حاجت ایضاح یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون مین تمکو چاہتا ہون مین
بصد منت بصد الحاح یا محبوب سبحانی۔

خدا کی ہو تم ممدوح یا محبوب سبحانی — حبیب حضرت سبوح یا محبوب سبحانی
خدا کی فضل و احسان و کرم سی بارہا تمنے — تن مردہ مین ڈالی روح یا محبوب سبحانی
گرائی تیری اوپر سقف سی جب موش نے مٹی — گرا ہو کر وہین مذبوح یا محبوب سبحانی
پئی فضل رسول پاک میری دل پہ فرما دی — در فضل و کرم مفتوح یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو مرہم صحت عطا کر دے
دل اوسکا غم سی ہے مجروح یا محبوب سبحانی

ردیف الخاء المعجمہ

طریقت کی جو ہین اشیاخ یا محبوب سبحانی — وہ سب ہین تیری گُل شاخ یا محبوب سبحانی
کہان ممکن کہ پہونچی طائر فکر اوسکی زینہ کو — وہ عالی ہی تمہارا کاخ یا محبوب سبحانی
تری ایما سے بچے بیضہ بریان سے جب نکلی — تحیر مین رہا طباخ یا محبوب سبحانی
جو دس سو کا ہو یک بیضہ تری سرکار کا لیکن — نہ ٹھہرین بی بہا افراخ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی عیب پوشی لطف سی کرنا
کرم سی کرده ہو گستاخ یا محبوب سبحانی

ہے قہرِ حق تری توبیخ یا محبوب سبحانی
نمونہ جسکا ہی مریخ یا محبوب سبحانی

تری نعلین نے دی ظالمون کو کیا سزا جاکی
جو مظلومون نے ماری چیخ یا محبوب سبحانی

رکھا قلب حقائق پہ مین جتنے مس اگر کر دے
تو چاندی مس ہو زر، زریخ یا محبوب سبحانی

عظامِ مرغ کو تھا تو نی زنده کر دیا جسکے
کبابون کی لگی تھی سیخ یا محبوب سبحانی

ہوا مدت کو کافی ایک مسافر کو دیا جو دم
تری خادم نے یک بطیخ یا محبوب سبحانی

ترا سال تولد عشق و معشوق الہی ہے
خدا سے وصل کی تاریخ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کا نسخ غم کر دی کری تجکو
ملی تکوین اور تنسیخ یا محبوب سبحانی

ردیف الدال المہملہ

مٹا دی اب مرادِ کہنہ درد یا محبوب سبحانی
کرے سب حل جای غمگی گرد یا محبوب سبحانی

کرامت مین کرم مین ہے شہ مردانکا تو وارث
کیا عورت کو تو نی مرد یا محبوب سبحانی

غضب سے تیری یکساعت مین آ دہا جلگیا بغداد
ہوا رخ سبکا ڈر سی زرد یا محبوب سبحانی

مگر جب اولیا نی عاجزی سے عرض کی تمسے
ہوئی فی الفور آتش سرد یا محبوب سبحانی

تمہین اقطاب مین اکمل ہو اور اوتاد مین افضل
تمہین افراد مین ہو فرد یا محبوب سبحانی

پئی فضل رسول پاک میری غنچۂ دل کو
خوشی سی کر دو مثل ورد یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو لو بچا اُسنے جو ساتھہ اُسکی
دغا کی کھیلتے رہین نرد یا محبوب سبحانی

غم دوری سی ہون ناشاد یا محبوب سبحانی
دور اُسکو مری فرمایا محبوب سبحانی

تری قدمونکو حکم حق سے اپنی سر پہ رکھتی تھی
سبھی اقطاب اور افراد یا محبوب سبحانی

کیا اقرار رفعت کا تری حضرت رفاعی نی
تری حماد تہے حماد یا محبوب سبحانی

لقب غوث دو عالم ہے ترا ساری زمانی مین
مجھے بھی غم سے کر آزاد یا محبوب سبحانی

کیا انکار جسنے آپکی تقدیم سی شاہا
ہوا فی الفور وہ برباد یا محبوب سبحانی

تری ہی دم قدم سی رشک باغ خلد ہی بیشک
فضای حضرت بغداد یا محبوب سبحانی

فنا کر یاد مین اپنی مجھی ایسا کہ تیری سے
رہے آٹھون پہر بس یاد یا محبوب سبحانی

نہین ہے خوف کچھ مجھکو سنا جب سے کیا تمنے
مریدی لاتخف ارشاد یا محبوب سبحانی

بچالو مجھکو میری غوث اعظم حسبۃً للہ
زشر فتنہ حساد یا محبوب سبحانی

غلام خاندانی ہون کہ تیری در کی خادم تھی
مری والد مری اجداد یا محبوب سبحانی

رہین فضل و کرم سی تیری ہر دم خورم و شادان
مری احباب اور اولاد یا محبوب سبحانی

پئی فضل رسول پاک ہی تجھسے طلب کرتا
فقیر قادری امداد یا محبوب سبحانی

لکھون کیا تیرا فضل وجود یا محبوب سبحانی
قلم سے کب ہو وہ محدود یا محبوب سبحانی

ہوا جو منحرف درگاہ سی تیری کیا اوسکو
خدائی پاک نے مردود یا محبوب سبحانی

ہمین ہے کچھ کمی فضل و کرم سی حق کی ہی ہر شے
خزانہ مین تیرے موجود یا محبوب سبحانی

رکھی حق نی سعادت و شقاوت تیری قبضہ مین
مجھے لللہ کر مسعود یا محبوب سبحانی

بفضل رسول پاک مجکو نیک کر جیسے
جہان مین وہ ہوئی محمود یا محبوب سبحانی

فقیر قادری طالب ہی اب ایسی حضوری کا
کہ ہر ساعت ہو تم مشہود یا محبوب سبحانی

مری حق مین ہی ہے عید یا محبوب سبحانی
تری در کی ہو جسدن دید یا محبوب سبحانی

مریدی لاتخف اپنی زبانِ گوہر افشان سی
کہا ہے تمنے بالتاکید یا محبوب سبحانی

بحد حضرتِ عبدالمجید پاک رکھہ ہر دم
مجھے باعزت و تمجید یا محبوب سبحانی

بفضل حضرتِ فضل رسول پاک کر میری
کرم سی اپنے تو تائید یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی نزع مین ہو لطف سی تیری
زبان پر کلمۂ توحید یا محبوب سبحانی

ردیف الذال المعجمہ

ثنا سی تیری استلذاذ یا محبوب سبحانی
ہی غم سے باعث انقاذ یا محبوب سبحانی

تمھارے نافذ سے تبی ملائک خلق مین کرتی
تری احکام کا انفاذ یا محبوب سبحانی

ہوئی باطن مین تم پیرو نکی پیر اور علم ظاہر مین
تم استادون کی ہو استاذ یا محبوب سبحانی

سواد اعظم امت کا تو ہی غوث اعظم ہے
وہ ماری ہی ہوا جو شاذ یا محبوب سبحانی

وہی تاثیر تیری نام مین جسکی وسیلہ سی
مٹی شیطان کا استحواذ یا محبوب سبحانی

ہی فضل رسول اپنے بچا شیطانی کرتا ہون
تمہاری در پہ استحواذ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری در سے تری محروم کیون جائے
ہے تو فیاض وہ اخاذ یا محبوب سبحانے

ردیف الراء المہملہ

لکھون کیا آپکی توقیر یا محبوب سبحانی
قلم کانپا دم تحریر یا محبوب سبحانی

نسب ہی آپکا ایسا کہ دادی اور نانی ہیں
جناب شبر و شبیر یا محبوب سبحانی

خدا نے غوث اعظم کرکے رکہدی اسم اعظم کی
تمہاری نام مین تاثیر یا محبوب سبحانی

بلا ذا اللہ ملکی تحت حکمی کہکی سب عالم
بحکم حق کیا تسخیر یا محبوب سبحانی

قدم تیرا جو سب اقطاب عالم کی سرون پر ہی
ہے خاک آنکی پہ از اکسیر یا محبوب سبحانی

زمین سی تا فلک ہی دہوم دہام اب نام والا کی
نہین کچہہ حاجت تقریر یا محبوب سبحانی

تمامی خاندانون مین ترا ہی فیض جاری ہے
کہ سب پیرونکا ہی تو پیر یا محبوب سبحانی

نکلے ناوک کی خاص ترکش سی مری خاطر
مخالف کی لگی اک تیر یا محبوب سبحانی

توسل سی ملی فضل رسول پاک کی مجکو
ترے ملنے کی اب تدبیر یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون نام سی تیری ہوئی اچہی
بحمد اللہ مری تقدیر یا محبوب سبحانی

کرم مین اب نہو کچہہ دیر یا محبوب سبحانی
ہے انکھون مین مری اندہیر یا محبوب سبحانی

جسی لنگر کا تیری ایک دانہ ہی میسر ہو
اُسی برکت ہوا کہون سیر یا محبوب سبحانی

سنا ہی تو قضا حکم خدا سی پہیر دیتا ہے
مری قسمت کا پہیرا اب پہیر یا محبوب سبحانی

شہا پوتا ہی تو مشکلشا کا حکم حقسے ہے
ترے دادی خدا کی شیر یا محبوب سبحانی

مین ہون مور ضعیف و نفس میرا مار ہے اُسکو
طفیل خواجۂ اجمیر یا محبوب سبحانی

حسد جو مجہسے رکہتے ہین ستاتی ہین زبردستی
مری خاطر اُنہین کر زیر یا محبوب سبحانی

فقیر قادری مدت سے تیرا یہ پیاسا ہی
پلا کر جام کردی سیر یا محبوب سبحانے

مجہے خیرات مین دی خیر یا محبوب سبحانی
ضرر کہو دے مٹا دی ضیر یا محبوب سبحانی

شہا تو باز اشہب سی فضا کا ہی جہان پہونچی
نہ ہرگز فکر کا ہی طیر یا محبوب سبحانی

مری ایمان کو ثابت رکہہ کر وقت امتحان ہے
بلائے بہت ہین کچہو دیر یا محبوب سبحانی

بچالی مجہکو اُنکی شر سی جو مجہ پی سر و پا سی
بدل رکہتے ہین بغض و بیر یا محبوب سبحانی

بنایا پر نہ پایا اولیا مین تیرا ہمپایہ
کیا مین نے جہانکا سیر یا محبوب سبحانی

خبر جلدی لے فضل رسول اب میری لیے للہ
کہ ہے حالت مری متغیر یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو حق یہ کہہ ثابت قدم شاہا
نہ پہسلی پاے اُسکا پیر یا محبوب سبحانی

دیا و حقنے تمکو زور یا محبوب سبحانی — زمین سی تا فلک ہی شور یا محبوب سبحانی

مرا یہ نفس سرکش ہی اسی مغلوب کر کردی — مری قبضہ مین اُسکی ڈور یا محبوب سبحانی

شہا دستِ کرم سی تو نی مفلوجونکو صحت دی — کیئے بینا ہی تو نے کور یا محبوب سبحانی

نہ پھیرا تو نے رحمت سے شہا محروم اُسکو ہی — ترے گہر مین جو آیا چور یا محبوب سبحانی

یہی شانِ کریمانہ ہی شاہا بہرہ ور جب ہو — سلیمانکی کرم سے مور یا محبوب سبحانی

یہی فضل رسول اب مجکو تو فضال ہے اپنے — بنا لے اپنا فضلہ خور یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو تم جواب قبر سکھلا نا
منور کر کے اُسکی گور یا محبوب سبحانی

مدد ہو اب میری فی الفور یا محبوب سبحانی — کر اب لوگونکا بدلا طور یا محبوب سبحانی

جو ظاہر مین با لطاف و عنایت پیش آتی ہین — وہی کرتے ہین چہپکر جور یا محبوب سبحانی

تری ہی تا ثریا تیری ثروت ہے عیان شاہا — ہے توران عرب کا تا ثور یا محبوب سبحانی

مکرم تجہسے ہے برج عجم جیون جد امجد سے — ترے غار حرا و ثور یا محبوب سبحانی

ترے ہی در سے شاہا سب بنا رکار دوران ہے — فلک کا جب تلک ہی دور یا محبوب سبحانی

مجہے غیرون سے کیون غیرت نہو بندہ ہون مین تیرا — شہا ہے یہہ مقام غور یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون ہے بہروسا ذات والا پر
کہ حامی ہے نہ میرا اور یا محبوب سبحانی

ثنا سے ہون تری معذور یا محبوب سبحانی — زبان عاجز قلم کسور یا محبوب سبحانی

للہ الحمد [illegible] ۱۲

تری مدحت سرائی کام کب ہے مجہہ سے عاجز کا — مگر کرتا ہے دل مجبور یا محبوب سبحانی

نہ شاعر ہون نہ فن شاعری سی مجکو کچہہ مطلب — فقط ہے جوش دل مسطور یا محبوب سبحانی

رسول اللہ کا جب تمنے چاٹا تہوک فوراً تم — فصاحت مین ہوی مشہور یا محبوب سبحانی

قدم رکہنی کی ساری اولیا کی گردنون پر تم — بامر حق ہوے مامور یا محبوب سبحانی

تجہے دی قادر برحق نے جو قدرت بیان کیا ہو — بہلا کسکا ہی یہ مقدور یا محبوب سبحانی

بجہا دی آتش حرمان پلادی شربت ایمان — مئی عرفان سے رکہہ مخمور یا محبوب سبحانی

وجدی صاحب العین الکمال کی تصدق مین — بعین مجد رکہہ منظور یا محبوب سبحانی

وعبد القادر المشہور اسمی کے تصدق مین — بہلائی دی بدی کر دور یا محبوب سبحانی

تمنا ہی مری مولا کہ اب دنیا و عقبی مین — نہ رکہہ ہرگز مجہی رنجور یا محبوب سبحانی

مری احباب اور اولاد کو بہی دونون عالم مین — سدا رکہہ خورم و مسرور یا محبوب سبحانی

بوقت نزع با ایمان رہون امن و امانکی ساتہہ — کہ شیطان جس سے ہو مقہور یا محبوب سبحانی

جواب قبر ہی تلقین کرنا تم ذرا آکر کے — قدم سے گور کر پرنور یا محبوب سبحانی

دکہا کر اپنی صورت تم مری وحشت مٹا دینا — عیان جسدم ہو نفخ صور یا محبوب سبحانی

عبور پلصراط آسان ہو تیری دستگیری سے — کہ ہے وہ راہ بس مخطور یا محبوب سبحانی

پی فضل رسول اب فضل کر تو مجہہ پہ ہا جن پر — ترا فضل و کرم موفور یا محبوب سبحانی

فقیر قادری پر لطف کرنا روز محشر ہو
غلامون مین ترے محشور یا محبوب سبحانی

ہوا مجہ سی جسی انکار یا محبوب سبحانی
خدا اوس سے ہوا بیزار یا محبوب سبحانی

طریقت کے ہمہین شیخ المشایخ ہو زمانہ مین
شریعت کے ہو تم سردار یا محبوب سبحانی

تری اسرار کا شاہا احاطہ کس سے ممکن ہے
کہ قاصر ہے یہان گفتار یا محبوب سبحانی

تری سر کمال ظاہر و باطن کا شمہ ہے
کتاب بہجۃ الاسرار یا محبوب سبحانی

قدم ہے گردنون پر اولیاء اللہ کی تیرا
وہ سب ہین تیرے تابعدار یا محبوب سبحانی

ہے مشہور جہان حال پریشان شیخ صنعان کا
کیا تہا کچہہ جو استکبار یا محبوب سبحانی

فدا ہون نام پر تیری شہا مین جان سے دلسی
نہ تنہا بلکہ سب گہر بار یا محبوب سبحانی

خدا کی فضل سے رہتے تہے میرے باپ دادی بہی
تری ہی عشق مین سرشار یا محبوب سبحانی

جناب فیض احمد محی دین تہے میرے بہائی بہی
فدا و فدوی سرکار یا محبوب سبحانی

توسل اون سے کرتا ہون تری دربار عالی مین
ادہر بہی ہو نظر یکبار یا محبوب سبحانی

ترے افضال سے شاہا رہین سب خرم و شادان
مری اولاد و خویش و یار یا محبوب سبحانی

فقیر قادری پر بہی کرم ہو اس تمنا مین
کہڑا ہے وہ سر دربار یا محبوب سبحانی

ردیف الزاء المعجمہ

عیان ہے مرتبہ میراز یا محبوب سبحانی
نہ مونس ہے نہ ہے دمساز یا محبوب سبحانی

تمہاری ذات والا سے کیا اللہ نے ظاہر
رسول اللہ کا اعجاز یا محبوب سبحانی

رسول اللہ کی نائب ہو تم چہرہ سی ظاہر ہے ۔ وہی جلوہ وہی انداز یا محبوب سبحانی
رسول اللہ کا ہی تیری گردن پر قدم شاہا ۔ بجا ہے تمکو کرنا ناز یا محبوب سبحانی
رکھا سب ولیا کی گردنون پہ قدم تے ۔ ملا ہے تمکو یہ اعزاز یا محبوب سبحانی
تمہین ہو غوث اعظم قطب عالم سید الافراد ۔ بہر حالت ہو تم ممتاز یا محبوب سبحانی
کہان ہے دوسری افراد کو تجھسے بھلا نسبت ۔ وہ ہین گنجشک او تو باز یا محبوب سبحانی
شراب صاف سے کر دو صفا تم قلب کو میرے ۔ کہ سب مٹ جائے حرص و آز یا محبوب سبحانی
پی فضل رسول پاک کرنا خلد مین مجھہ پر ۔ کرم کا لطف کا در باز یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو نام کا تیرے سہارا ہے
نہین کچھہ اور برگ و ساز یا محبوب سبحانی

ترا در ہے وہ نور افروز یا محبوب سبحانی ۔ کرے ہے خور جس سے فیض اندوز یا محبوب سبحانی
جو چاٹے خاک تیری مدرسہ کی اوسکے آگے ہے ۔ فلاطون طفل نو آموز یا محبوب سبحانی
جو دیوانہ ہے تیرے عشق کا بیشک وہ فرزانہ ۔ سرافرازی سے ہی فیروز یا محبوب سبحانی
پی فضل رسول پاک اپنے فضل کا شربت ۔ پلا کر کھو دے دلکا سوز یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی آبرو رکھنا کرم سے ہو
خدا کا سامنا جس روز یا محبوب سبحانی

ترا ہون بندۂ ناچیز یا محبوب سبحانی ۔ نہین گو مجکو کچھہ تمیز یا محبوب سبحانی
سلاطین جہان کے تخت سے برتر ہے رتبہ مین ۔ حریم پاک کی دہلیز یا محبوب سبحانی

عہ قول رضی اللہ عنہ [illegible] ۱۲

اگر حساد چاہین لاکھہ ذلت کچھہ نہین پروا
ترے درکار ہے تعزیز یا محبوب سبحانی

کسانی خلعۂ بطراز عزم ہی خدائی کی
ترے ملبوس کے تطریز یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہے جان بلب للہ فرماؤ
دوائی درد دل تجویز یا محبوب سبحانی

ردیف السین المهمله

طبولی فی السما کا کوس یا محبوب سبحانی
ولی سنکر ہوئی مایوس یا محبوب سبحانی

وہ ہو مستغرق دریای لطف حق پڑی جسپر
کرم کی تیری کچھہ بہی اوس یا محبوب سبحانی

بی فضل رسول پاک مجھسے دور کر جلدی
برائی کو ہزارون کوس یا محبوب سبحانی

فقیر قادری مہجور ہے تیری حضوری سی
نہووی اسکو کیون افسوس یا محبوب سبحانی

انیس مشہد تقدیس یا محبوب سبحانی
رئیس مسند تدریس یا محبوب سبحانی

ریاست کا تری جو علم مین عرفان کے منکر ہے
وہ ہی ابلیس پر تلبیس یا محبوب سبحانی

اشارہ سی تری یکبار فاسق سب ہوئے کامل
کہ تہے وہ اکسو چالیس یا محبوب سبحانی

توسل تجھسے کرتا ہون مین پیران طریقت کا
کہ مین تم تک وہ سب اکیس یا محبوب سبحانی

بی فضل رسول اب دولت دارین سے بہرہ دے
فقیر قادری کا کیس یا محبوب سبحانی

ملی جسکو ترا ملبوس یا محبوب سبحانی
نہ قید غم میں ہو محبوس یا محبوب سبحانی

تری ذکر مبارک کا نہ جو عاشق ہی بیشک ہی
بڑا محروم وہ منحوس یا محبوب سبحانی

تری روضہ کی جالی سے فروغ جلوہ عرفان
بچشم سر ہوا محسوس یا محبوب سبحانی

بی فضل رسول اب مجکو ہر دم ہر گھڑی ہر پل
رکھہ اپنے ذکر سے مانوس یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو بس تری امیدواری ہی
نکرنا اُسکو تم مایوس یا محبوب سبحانی

بلالو مجکو اپنے پاس یا محبوب سبحانی
نہ توڑو اب یہہ میری آس یا محبوب سبحانی

کہان ممکن ہے تیرا وصف گو دریا سیاہی ہون
وگر پتے ہون سب قرطاس یا محبوب سبحانی

رسول اللہ نے تخصیص سے بے شک کیا تمکو
لباس خاص کا الباس یا محبوب سبحانی

کہان ہو سکین دگر افراد تیری خاص خلوت مین
ترا مجمع مین ہے اجلاس یا محبوب سبحانی

تری تقدیم کو تسلیم کرتے تہے خدا والے
عقیل و ماجد و دباس یا محبوب سبحانی

جہان مین جتنے ہین فرد یا اقطاب تم بیشک
سبہو کے صورئیس و راس یا محبوب سبحانی

نپایا کوئی کامل تجسا نیچے چرخ اخضر کے
یہ بولی خضر بو العباس یا محبوب سبحانی

تمہاری دامن دولت کو جو پکڑی عقیدے سے
نہ دیکہے صورت افلاس یا محبوب سبحانی

سقانی الحب کاسات الوصال کے تصدق مین
مجہے دو وصل کا اک کاس یا محبوب سبحانی

رہ عقبیٰ مین مولیٰ میری ایسی دستگیری ہو
نہ ہو خطرہ نہ ہو وسواس یا محبوب سبحانی

تمہاری نام نامی کو کسی امید سی جو لے
نہ بہٹکے پاس اُسکے یاس یا محبوب سبحانی

[illegible]

وبائی ہے دوا حکم خدای پاک سی بیشک | تمہاری مدرسہ کی گہاس یا محبوب سبحانی
تمنا ہی پی فضل رسول اب یادمین تیری | گٹین باقی یہ چند انفاس یا محبوب سبحانی

غلام خاندانی ہے فقیر قادری دل سے
ہی عالم اسکا رب الناس یا محبوب سبحانی

ردیف الشین المعجمہ

مین اگر کہو نچون تجہہ تک کاش یا محبوب سبحانی | ہی مدت سی تری تلاش یا محبوب سبحانی
شہا مین قہر کے تیری حوالا اگر کرتا ہون | جو مجہسے رکہتے ہین پرخاش یا محبوب سبحانی
تری تصویر کیا کہینچی کہ صورت دیکہکر شاہا | تری حیران ہوا نقاش یا محبوب سبحانی
ابہی باغ مرادات دو عالم میرا پہل لاوے | اگر دی مجکو تو یک قاش یا محبوب سبحانی
ترا شمس حکومت تا ابد ہی خلق مین رخشان | جو منکر ہی وہ ہی خفاش یا محبوب سبحانی
پی فضل رسول اللہ کر مجکو غنی شاہا | کرہون مین مفلس وقلاش یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہی مدح خوان اللہ یکباری
زبان سی کہدو تم شاباش یا محبوب سبحانی

لکہے کیا فکر دور اندیش یا محبوب سبحانی | ترا رتبہ ہے بیش از بیش یا محبوب سبحانی
تری نام مبارک کی توسل سے نیستان مین | ہوے ہین شیر مثل میش یا محبوب سبحانی
امام اہل باطن بادشاہ اہل ظاہر ہے | تری سب ہین عقیدت کیش یا محبوب سبحانی

مرانی الغفور عقرب جسم اطہر پر تری جب دم
خطا سے اٹھنے مار انیش یا محبوب سبحانی

شفا خانہ سی تیری مرہم صحت کا خواہان ہے
فقیر خستہ و دل ریش یا محبوب سبحانی

امین فضل رسول پاک سی تیری غلامی مین
مری سب اقربا و خویش یا محبوب سبحانی

یہ دیوان فقیر قادری مقبول کر لینا
تری خدمت مین جب ہو پیش یا محبوب سبحانی

بھرا ہی دل مین میری جوش یا محبوب سبحانی
رہا جاتا نہین خاموش یا محبوب سبحانی

قدم سی ہی شہنشاہ رسل سردار عالم کے
ہوا ممتاز تیرا دوش یا محبوب سبحانی

یہی باعث ہی جو سب اولیا جملہ سلاسل کے
تری ہین جو متی پاپوش یا محبوب سبحانی

ثنا کا تیری لکھنا پڑھنا سننا چاہتے ہین بس
مری دست و زبان و گوش یا محبوب سبحانی

الٰہی فضل رسول پاک کر مجکو دو عالم مین
در مقصد سی ہم آغوش یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی ہے تمنا رات دن اسکو
رکھہ اپنے عشق مین مدہوش یا محبوب سبحانی

ردیف الصاد المہملہ

وہ رتبہ تمنے پائے خاص یا محبوب سبحانی
ہے حیران فکر کا غواص یا محبوب سبحانی

وہ ہوجاتا ہی مخصوصون مین داخل حقتعالی کے
جسے ہو آپ سی اخلاص یا محبوب سبحانی

ظفر پاتی مظفر نے سفر مین اور قضا پہ لے
کیا جب تم سے استر خاص یا محبوب سبحانی

بی فضل رسول پاک اپنی خاص لنگر سے
عطا کر مجکو چندا قراص یا محبوب سبحانی

کرو نظم فقیر قادری پر صاد خوش ہو کر
کہ ہو ہر موئی تن رقاص یا محبوب سبحانی

ردیف الضاد المعجمہ

جہان ہی سب ترا مقبوض یا محبوب سبحانی
اطاعت ہی تیری مفروض یا محبوب سبحانی

وہ منصب ہے قدم کا آپکے رفعت مین ہین جس سے
رقاب ولیا مخفوض یا محبوب سبحانی

لیا حق مین مریدونکے ہے حق سے آپنے جو عہد
کہان ممکن کہ ہو منقوض یا محبوب سبحانی

بی فضل رسول اعزاری عقبی مین رکہہ مجکو
نہ دنیا مین رہون مقروض یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو ہر گہڑی خدمت مین کہنا ہی
یہی خدمت مین ہی معروض یا محبوب سبحانی

ہی فضل رب سے تو فیاض یا محبوب سبحانی
روا کر میری سب اغراض یا محبوب سبحانی

کئے حق نے حقائق دہر کے قبضہ مین سب تیرے
جواہر ہوں وُ یا اعراض یا محبوب سبحانی

اطبا جن سے عاجز ہو گئے ادنے اشارہ سے
مٹائے تو نے وہ امراض یا محبوب سبحانی

مجالس مین تری کفار ایمان لا اور تائب
ہوئے مین بار ہا رفاض یا محبوب سبحانی

کرے جو آپکی تنقیص کٹ جائے زبان اسکی
خدا کے قہر کی مقراض یا محبوب سبحانی

جو منکر ہے تری عظمت کا بیشک اس شقی سے ہین
نبی ناخوش خدا ناراض یا محبوب سبحانی

عنایت کی نظر سی ہو توجہ عمر بھر مجھپر — نکر مجھسے کبھی اعراض یا محبوب سبحانی

پئی فضل رسول اب دولت فقر و فنا دیکر — بچا از قرض و استقراض یا محبوب سبحانی

فقیر قادری مداح تیرا ہے یہی بس ہے
نہ زاہد ہے نہ ہے مرتاض یا محبوب سبحانی

ردیف الطا المہملہ

جہان دفتر ہو گو محفوظ یا محبوب سبحانی — ترا ہو وصف کیا مضبوط یا محبوب سبحانی

حصول رتبہ ساری اولیا حق کو تیری ہے — قدمبوسی ہے مشروط یا محبوب سبحانی

ترا وہ حکم محکم ہی کہ ہے عالم کا حل و عقد — ترے احکام سی مربوط یا محبوب سبحانی

پئی فضل رسول پاک وہ دی جام مجکو جو — ترے فضلہ سی ہو مخلوط یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی ہیہ جبین تیری غلامی سی
بفضل و مجد ہی محظوظ یا محبوب سبحانی

ہے مخزن مین تری افراط یا محبوب سبحانی — مجھے بھی دیدے یک قیراط یا محبوب سبحانی

تعجب ہے تری پوشاک کی بتی پا کے تاجر مین — لگی تادیب کی محتاط یا محبوب سبحانی

جو منکر ہو ترا لگتے ہین اسکے حکم غیبی سے — خدا کی قہر کے اسواط یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول پاک حق سی بخشوا لینا — مرے زلات اور اغلاط یا محبوب سبحانی

فقیر قادری سے در تری محروم کیون جاوے — تری عادت نہین قناط یا محبوب سبحانی

ردیف الظاء المعجمہ

تجھے ہی لوح حق محفوظ یا محبوب سبحانی
ہے قول حق ترا ملفوظ یا محبوب سبحانی

زبان پاک کو اپنی ہلا کر مجکو ہی کر دے
کرم سے لطف سے محفوظ یا محبوب سبحانی

مٹا دی میری کربت اپنی برکت سے کہ مین بیحد
ہوا ہون عاجز و مخطوظ یا محبوب سبحانی

پی فضل رسول پاک رکھہ دارین مین مجکو
بلا سے رنج سے محفوظ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو فضل سے ہر لحظہ ہر ساعت
بعین مجد رکھہ ملحوظ یا محبوب سبحانی۔

جواہر ہین تری الفاظ یا محبوب سبحانی
فدا ہین جنکے سب حافظ یا محبوب سبحانی

کیا تا پانزدہ سال آپنے یکپایہ ہر شب ختم
کہ حیران ہو گئی حفاظ یا محبوب سبحانی

جو نعمت طالع بیدار سی سوتے مین تم پاتے
نپاتے ہین اسی ایقاظ یا محبوب سبحانی

پی فضل رسول آفت سی رکھہ محفوظ جب تجکو
پکارون بہر استحفاظ یا محبوب سبحانی

دعا ہی ہو فقیر قادری کی بخت خفتہ کا
قدم سے تیرے استیقاظ یا محبوب سبحانی

ردیف العین المہملہ

علم تیرا وہ ہی مرفوع یا محبوب سبحانی
کہ سب تابع ہین تو متبوع یا محبوب سبحانی

جو کچھ اوصاف خلیل و لیا مین ہین عیان تیرے
وہ ہین اوروں سے کب مسموع یا محبوب سبحانی

قیامت تک رہیگا فیض الاہر گھڑی جاری
کہان ممکن کہ ہو مقطوع یا محبوب سبحانی

کمال صدق و عدل و حلم و علم چار یار پاک
ہوا ہے آپ مین مجموع یا محبوب سبحانی

ندا ایک روز آئی مین روا سب تمکو کر جتنی امر
شریعت مین ہین نامشروع یا محبوب سبحانی

پڑھی فی الفور لاحول اپنے جبدم لفضل رب
ہوا شیطان رہین مدفوع یا محبوب سبحانی

نہ کھایا آپنے کھانا بغیر از امر حق ہر گز
پکارا گرچہ النفس الجوع یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول پاک بحر فیض سے اپنے
مجھے بھی دیجیے یک ینبوع یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون نعمتوں کا تجھ سے طالب ہون
نہ کھہ انعام سے ممنوع یا محبوب سبحانی

ردیف الغین المعجمہ

مٹا دی دل سے غم کا داغ یا محبوب سبحانی
کہا دے اب خوشی کا باغ یا محبوب سبحانی

رنگ صبغۃ اللہ مجکو بہی رنگ لے کر دینے کا
نبی کی تو ہی ہے صباغ یا محبوب سبحانی

پذیرا کیجیے آداب و تسلیمات کرتا ہون
تری خدمت مین ابلاغ یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول پاک اپنے فضل و نعمت کا
کرم سی مجکو کر اسباغ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو خوف کیا حاسد سے ممکن ہے
ہما کا ہو مقابل زاغ یا محبوب سبحانی

ردیف الفاء

ہی تبرا آپکا معروف یا محبوب سبحانی
جہان ہی آپکا مشغوف یا محبوب سبحانی

رسالت کی نیابت سی ولایت کی ریاست سے
کیا حق نے تمہین موصوف یا محبوب سبحانی

تو ہی ہی شہسوار معرفت کر میری جانب بہی
عنان عاطفت معطوف یا محبوب سبحانی

پی فضل رسول پاک اپنی یاد دی مجکو
اسی خدمت مین رکہہ مصروف یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی عیب ہوئی حشر مین کرنا
نہ پردہ اوسکا ہو مکشوف یا محبوب سبحانی

کرون مین کیا تری توصیف یا محبوب سبحانی
کہ ہر جا ہی تری تعریف یا محبوب سبحانی

ملا قدرت کا منصب و قلوب اہل عالم کے
خدا نے تجکو دی تصریف یا محبوب سبحانی

سنا دعوت مین تم ہفتاد کس کے آن واحد مین
ہر اک جا لے گئے تشریف یا محبوب سبحانی

فتوح غیب پائی او رجواہر رحمت حق کے
پڑہی جو آپکی تالیف یا محبوب سبحانی

مریدی لاتخف پڑہ کر فقیر قادری خوش ہو
عدو کرتے ہین گو تخویف یا محبوب سبحانی

ہوا عاجز ترا وصاف یا محبوب سبحانی
کہ ہی تو جامع الاوصاف یا محبوب سبحانی

عمل مین علم مین عرفان مین اعلی الاولیا ہے تو
نسب مین اشرف الاشراف یا محبوب سبحانی

تصرف کیا لکہون تیرا کہ تہا خود صیرفی قدرت
تری سرکار کا صراف یا محبوب سبحانی

کیا تہا سعد شیخ سہروردی ہاتہہ سی تو نے
کلامی علم سی سب صاف یا محبوب سبحانی

نہ پہیرا چور کو خالی بدل کر کر دیا ابدال
بیان کیا ہون تری الطاف یا محبوب سبحانی

شہا تم حنبلی مذہب ہو لیکن سبکی مالک ہو
شوافع ہون و یا احناف یا محبوب سبحانی

عیان ہی تجہہ سی سب جو کچہہ کہ ہی صحرا و دریا مین
و یا بالای کوہ قاف یا محبوب سبحانی

مشارق او مغارب صاف سب تیری نظر مین ہین
مثال شیشۂ شفاف یا محبوب سبحانی

مرا ہی راز دل مکشوف سب دربار اقدس مین
کرم رازون کی ہو کشاف یا محبوب سبحانی

بفضل رسول ہمدم مجکو اپنا کر لی تو
کہ جیسی ہی مرا اسلاف یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی ہے دعا بس یاد مین تیری
رہون مین او مرے اخلاف یا محبوب سبحانی

چہ کم گردد ز جوئی ترف یا محبوب سبحانی
پیا بد تشنہ گر یک غرف یا محبوب سبحانی

خزائن بی نہایت مر ترا خالق عطا کردہ
کسی چند انکہ خواہی صرف یا محبوب سبحانی

نہین ممکن تری حد ثنا لکہنا کسی شی سے
سیاہی ہو و یا شنجرف یا محبوب سبحانی

زمین کیا یا زرہ اجرام علوی ہی معطر ہین
ہمکی ہے وہ تیری غرف یا محبوب سبحانی

گیارہ ہین رسول پاک تک پشتین تری جیسی
لقب مین تیری جیسی حرف یا محبوب سبحانی

جلا دل آتش ہجران سے اب تو وصل کا پانی
پلا دی مجکو ٹہنڈا برف یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون مین شہنشاہ غنی ہی تو
کرم سی بہر دے میرا ظرف یا محبوب سبحانی

ردیف القاف

ہوئی تم اولیا مین طاق یا محبوب سبحانی
نہین ہی اسمین کچھ اغراق یا محبوب سبحانی

خدا نے جب قدم کو تیری عالی مرتبہ بخشا
جھکیں سبکی وہین اعناق یا محبوب سبحانی

قدم تیرا تمامی اولیا کی گردنون پر ہے
بحکم حق علی الاطلاق یا محبوب سبحانی

شہا تو رحمت عالم کا ہے فرزند پر کیونکر
نہو تا منبع اشفاق یا محبوب سبحانی

ہو تو خلق مین ہین بس علی خلق عظیم کے
ترے واللہ سب اخلاق یا محبوب سبحانی

جسے جس وقت جو چاہا دیا اسکا بیان کیا ہو
کہ بیحد ہے ترا انفاق یا محبوب سبحانی

تری افطار کو لائی ملائک آسمان پر سے
غذائے خلد کے اطباق یا محبوب سبحانی

کواغذ فلسفے کے پاک نظر مین تیری قرآنکی
فضائل کے ہوا اوراق یا محبوب سبحانی

عنایت سی خدا کی مثل آئینہ کی روشن ہے
تمہارے آگے سب آفاق یا محبوب سبحانی

غلامو کیلئے ہی لیلیا ایمان پہ مرنے کا
خدا سی آپ نے میثاق یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول پاک مجکو خاک پا دیدے
نہین ہے حاجت تریاق یا محبوب سبحانی

کیا مجکو فقیر قادری ہی مہربان مجھ پر
ترے صدقہ مرا خلاق یا محبوب سبحانی

تری عاشق ہی سب مخلوق یا محبوب سبحانی
کہ تو خالق کا ہو معشوق یا محبوب سبحانی

تمامی اولیا کے دہر سی فائق ہی تیری ذات
وہ ہون سابق دیا مسبوق یا محبوب سبحانی

لیا طوق اطاعت گردنون مین ولیا نے جب ۔۔۔ ترا نا قدم ہوا منطوق یا محبوب سبحانی
بے فضل رسول اب مجکو کرکے لطف سے مقرون ۔۔۔ نہ اپنے در سے رکھہ مفروق یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی لے خبر جلدی کہ اب اسکا
ہوا ہے غم سے دل مشقوق یا محبوب سبحانی

مجھے دی خیر کی توفیق یا محبوب سبحانی ۔۔۔ نکر بتدا ب تعویق یا محبوب سبحانی
ہوا ثابت کہ اٹھہ جاتی ہی تیری حکم محکم سے ۔۔۔ قضا کی حکم کی تعلیق یا محبوب سبحانی
نبی نے پہر علی نی عین بیداری مین تہا تمکو ۔۔۔ چٹایا یا اپنا اپنا ریق یا محبوب سبحانی
قدم تیرا تمامی اولیا کی گردنون پر ہے ۔۔۔ علی الاطلاق بالتحقیق یا محبوب سبحانی
تمامی اولیا مین تو ہی افضل جیون صحابہ مین ۔۔۔ ہوئی تہی حضرت صدیق یا محبوب سبحانی
جمادات جہان ہی حکم کی ہین تیرے سب محکوم ۔۔۔ عیان ہے قصہ ابریق یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی گور مین الطاف سے تیری
نہووی کچہہ فشار وضیق یا محبوب سبحانی

ردیف الکاف المہملہ

کرو گر لب کی تم تحریک یا محبوب سبحانی ۔۔۔ کٹی غم کی شب تاریک یا محبوب سبحانی
وو لائی علی الاقطاب ہی ملک ولایت پر ۔۔۔ ہوئی ثابت تری تملیک یا محبوب سبحانی
بقول خواجہ قطب الدین کے اعظم الشانی ۔۔۔ تری ہی قدم پہ آئی ٹہیک یا محبوب سبحانی

ہوا خاموش سبکا مرغ پر آواز کرتا ہے — قیامت تک تمہارا ڈنک یا محبوب سبحانی
بلا شک تم ہو شاہ اولیا ہرگز نہین آمین — ذرا گنجایش نشکیک یا محبوب سبحانی
جو ہی مشکل سے مشکل بات فکر و عقل انسان مین — وہ آسان ہی تری دیک یا محبوب سبحانی

نبی فضل رسول پاک دی اپنی خزانہ سے
فقیر قادری کو بہیک یا محبوب سبحانی

ہوا دوری سی سینہ چاک یا محبوب سبحانی — دوا ہی در کی تیری خاک یا محبوب سبحانی
خدا کی فضل سی ہے حکم تیرا جاری و ساری — زمین سی لیکے تا افلاک یا محبوب سبحانی
بڑہا ہر سابق و لاحق سی مضمار ولایت مین — تمہارا توسن چالاک یا محبوب سبحانی
و تو جی بتیجان الکمال تاج ہی تیرا — طراز عزم ہی پوشاک یا محبوب سبحانی
جبین گہسنے سی تیری در پہ جسنے اپنا سر کہینچا — ملی مٹی مین اسکی ناک یا محبوب سبحانی
سخی ابن سخی ہی تو اباعن جد بہلا کب ہے — گہرانے مین تری امساک یا محبوب سبحانی
تری فضل و کرم کی ناز پر ای غوث اعظم مین — ہوا ہون بے خطر بیباک یا محبوب سبحانی
حفاظت کو مری اللہ تیرا نام کافی ہے — عدو ہو گو بڑا سفاک یا محبوب سبحانی
مجہے ایمان سے اولاد سے عزت سے رکہنا خوش — نکرنا مجکو تم غمناک یا محبوب سبحانی
شربت فضلی کا مجکو شربت دے شہاب تو — نبی فضل رسول پاک یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہر لحظہ تیری راہ تکتا ہی
اسی در کی ہے اسکو تاک یا محبوب سبحانی

[illegible]

ردیف الکاف الفارسی

نہ رکھہ دنیا سی مجکو لاگ یا محبوب سبحانی
بجھا دی حرص کی سب آگ یا محبوب سبحانی

مناقب کا تمہاری ورد سبکا جابجا جاری
تمہارا گاتے ہین سب راگ یا محبوب سبحانی

پڑا ہی خواب غفلت مین جو میرا طالع خفتہ
اُسی ٹہوکر سے کہدو جاگ یا محبوب سبحانی

مرے گا جو عداوت سی تمہاری تہری اُسکو
جہنم کے ڈسینگی ناگ یا محبوب سبحانی

مرا ہے نفس سرکش تند خو تُم لطف سی دیدو
مرے قبضہ مین اُسکی باگ یا محبوب سبحانی

نہین ممکن نہ اگر ہون قلم اشجار کی شاخین
سیاہی بحر کے ہون جہاگ یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو تیرا بندہ خلق کہتی ہے
ہے اُسکا کیا ہی اچہا بہاگ یا محبوب سبحانی

ردیف اللام

خدا کی در کی تم مقبول یا محبوب سبحانی
نبی کے باغ کی تم پہول یا محبوب سبحانی

وہ چہٹتا ہی عذاب گور سی جسپر تری شاہا
تمہاری در کی اُڑکر دہول یا محبوب سبحانی

نشان ای غوث اعظم بس عظیم الشان ہے تیرا
تری شمشیر ہے مسلول یا محبوب سبحانی

نہ عابد ہون نہ زاہد ہون وظیفہ نام کا تیرے
مرا ہی روز و شب معمول یا محبوب سبحانی

کرو تم جسکی نصرت بس وہ منصور و مظفر ہو
نہین ہرگز نہو مخذول یا محبوب سبحانی

پڑہا تہا یا لکہا تہا علم دنیا جسقدر مین نے
گیا اب شکر حق وہ بہول یا محبوب سبحانی

رہین شاہ میری ولاد و احباب عزو شب
کرم مین تیری سب مشمول یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول اب تجہسے میری یہہ تمنا ہے
رکہہ اپنی یاد مین مشغول یا محبوب سبحانی

فقیر قادری شاعر نہین پر ہی جذب دل
اجابت آپ سے مامول یا محبوب سبحانی

ترا مولد جو ٹہرا جیل یا محبوب سبحانی
ہوا وہ واجب التبجیل یا محبوب سبحانی

ہوا بغداد روضہ سی ترے وہ پرضیا شاہا
بجا ہی خلد سی تمثیل یا محبوب سبحانی

قدم رکہنے سی ساری اولیا کی گردنون پہ بہی
ہوئی ثابت تری تفضیل یا محبوب سبحانی

تمامی اولیا اللہ کری ہین بصد عزت
تری اقدام کی تقبیل یا محبوب سبحانی

رہا کچہہ حکم تیرا انس و جن پر کبہی کرتے تہے
ملائک حکم کی تعمیل یا محبوب سبحانی

گری مجلس مین تیری ہی جلالی کی باعث سے
غضب سی تیری مرکر چیل یا محبوب سبحانی

کرم سی تو نے اپنی ہاتہہ سی پہر زندگی بخشی
کرا و گرد ہو پہنچی صد ہا میل یا محبوب سبحانی

ادہر ہی تو دعا کرتا ادہر ہی پس خدا کرتا
قضا کی حکم کی تبدیل یا محبوب سبحانی

مجہے غوث دو عالم عزت ہر دو جہان دیدے
روا مت رکہہ مری تذلیل یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول اب میرا نقصان مت گوارا کر
مری لہر کر تکمیل یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی حق مین آخر ہو چکی تاخیر
مناسب اب تو ہے تعجیل یا محبوب سبحانی

لکھون کیونکر تری احوال یا محبوب سبحانی
مرا عاجز ہے نطق و قال یا محبوب سبحانی

گہی ترسا کو گاہی چور کو ہی آپ نے فورا
کیا از زمرۂ ابدال یا محبوب سبحانی

تری درگاہ کے کتے نے کہا یا شیر کھینچے ہین
بیان کیا ہو ترا اجلال یا محبوب سبحانی

مسخر ابر تہا جسدم برسنے کو کہا برسا
کہا جب کہل کہلا فی الحال یا محبوب سبحانی

مری اولاد کو صدقہ مین اپنی آل کی کردے
عطا دارین کا اقبال یا محبوب سبحانی

ہوا ہون مین پریشان حال جلدی مجہہ کو کر اپنا
پئے فضل رسول افضال یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کو پہر مدینہ اپنی قدرت سی
دکہا للہ آبکے سال یا محبوب سبحانی

ردیف المیم

اگر راقم ہون ہفت اقلیم یا محبوب سبحانی
نہ تیرا وصف ہو ترقیم یا محبوب سبحانی

بٹہایا ہے نبی نے تجہکو خود تخت نیابت پر
رکہا سر پر تیری دیہیم یا محبوب سبحانی

لباس خاص محبوبی پہنایا عام جلسہ مین
مخصص تو ہے بالتعمیم یا محبوب سبحانی

قدم تمنے رکہا سب اولیا کی جبکہ گردن پر
کیا سب نے اسی تسلیم یا محبوب سبحانی

ہوا تو قطب اکرم ساری عالم کا زمانہ مین
تری عالم مین ہے تکریم یا محبوب سبحانی

ہوا تو غوث اعظم ہین اعاظم دہر کی کرتے
بصد عظمت تری تعظیم یا محبوب سبحانی

علوم لوح و اسرار قلم تجہکو گئے بالکل
علیم پاک نے تعلیم یا محبوب سبحانی

تری پشتین حسن سبط محمد تک شمار جا۹ ترا اسن ہے شمار بیم یا محبوب سبحانی

ہوئی تم حامی دین محمد ہو کے محی الدین ہے یہہ ہی برکت ختم یا محبوب سبحانی

پے فضل رسول پاک مست ساقی کوثر مجہی بہی دیجے مے التسنیم یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون مجکو ہی تیری ہر دو بر سے
کسیکا ہی نہ خوف و بیم یا محبوب سبحانی

تری ہی شش جہت مین ہو م یا محبوب سبحانی نہین ہے کسکو یہ معلوم یا محبوب سبحانی

قدم تیرا ہے جملا اولیا راللہ کی سر پر کر لو حاکم ہے وہ محکوم یا محبوب سبحانی

ہے تیرا تخت گو بغداد مین پر سب مسخر ہین حجاز و ہند و شام و روم یا محبوب سبحانی

ریاضت شاق کی آپنے کیا ہرج عجمی مین نکہا مدتون مطعوم یا محبوب سبحانی

بدل دو غم کو فرحت سے الم کو کیمر راحت سے نرکہو مجکو اب مغموم یا محبوب سبحانی

مین عاجز تو قوی مین بندہ تو مولا بچا مجکو شہا از شر نفس شوم یا محبوب سبحانی

اگر بالفرض قسمت ہی بری ہے میری تو للہ بدلوا دو مرا مقسوم یا محبوب سبحانی

خدا کا لطف ہی احسان ہی نعمت ہے کہ یہ احقر ہی تیرے اسم سے موسوم یا محبوب سبحانی

خدا کے فضل سے اچہا کیا تہا فضل کا بیٹا کہ تہا مفلوج اور مجذوم یا محبوب سبحانی

پے فضل رسول اب فضل سے مجکو بہی تم شاہا مشرف کر نرکہہ محروم یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کا نام دفتر مین شہا تیری
ثنا خوانون کی ہو مرقوم یا محبوب سبحانی

جو سب اشجار ہون اقلام یا محبوب سبحانی — نہ تیرا وصف ہو ارقام یا محبوب سبحانی

مریدونکو تری ہین نعمتین دارین کی ملتی — بفضل قادر منعام یا محبوب سبحانی

بحمد اللہ مین بہی قادری ہون آپکا شجرہ — پڑہا کرتا ہون صبح و شام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت شاہ رسل سردار جزو و کل — مجہے دے لذت اسلام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت مولا علی مشکل کو آسان کر — مرے مقصد کا کر ابرام یا محبوب سبحانی

پئے حضرت حسین ابن علی شاہ شہیدان اب — مٹادوی میری سب اسقام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت عابد بحق حضرت باقر — عطا کر مجکو کچہہ انعام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت صادق بحق حضرت کاظم — نہ کہہ اب مجکو تو ناکام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت موسی رضا و خواجہ معروف — مری سب دور کر آلام یا محبوب سبحانی

پئے حضرت سری و ہم جنید و ہم پئے شبلی — مجہے کر سر حق الہام یا محبوب سبحانی

پئے بوالفضل و بوالفرح و طفیل بوالحسن رکہنا — مجہے با عزت و آرام یا محبوب سبحانی

بحق بوسعید اب تو سعادت کی کر مجہکو — سعید آغاز و سعد انجام یا محبوب سبحانی

بحق ذات والا مجہہ پہ ای قطب اکرم کر — کرامت سی کرم اکرام یا محبوب سبحانی

بحق عبد رزاق و ابو صالح عطا فرما — صلاح کار ہر ہنگام یا محبوب سبحانی

پئے بونصر ہردم میری نصرت کرکے ثابت رکہہ — رہ حق پر مری اقدام یا محبوب سبحانی

پئے سید علی و سید موسی خدا سے تو — مرے سب کجہنوا تمام یا محبوب سبحانی

پئے سید حسن ہم سید احمد بچا مجہکو — ز شر حاسد و نمام یا محبوب سبحانی

پئے شاہ بہاء الدین ابراہیم رکھہ مجھکو ۔۔۔ مئے عرفان سے شیرین کام یا محبوب سبحانی

پئے شاہ بہکاری ہم پی قاضی ضیاء الدین ۔۔۔ رہ دین کے دکہا اعلام یا محبوب سبحانی

جمال اولیا سید محمد کی تصدق مین ۔۔۔ مٹا دے میرے سب اجرام یا محبوب سبحانی

طفیل سید احمد بحق شاہ فضل اللہ ۔۔۔ غمونکا میری کر اعدام یا محبوب سبحانی

بحق شاہ بوالبرکات کر خوشبوی عرفان سے ۔۔۔ مشام جانکا اب اشمام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت آل محمد نفس کو میرے ۔۔۔ بحکم شرع کر دے رام یا محبوب سبحانی

بحق شاہ حمزہ دشمنون سے لے بچا مجھکو ۔۔۔ رعایا ہون و یا حکام یا محبوب سبحانی

پئے اچھے میان حضرت جناب آل احمد اب ۔۔۔ بھلی کر دے مرا ایام یا محبوب سبحانی

بحق حضرت عبد المجید اب لطف سے اپنے ۔۔۔ بنا دے میرے بگڑے کام یا محبوب سبحانی

بحق مرشد برحق کہ جو تیری توجہ سے ۔۔۔ شریعت کی ہوئی صمصام یا محبوب سبحانی

وہ جنپر تو نے مین فضل سے سب نعمتونکا تہا ۔۔۔ طریقت کی کیا اتمام یا محبوب سبحانی

وہ مست بادۂ عرفان کہ جنکو لطف سے تمنے ۔۔۔ پلایا معرفت کا جام یا محبوب سبحانی

وہ عین عین حق جنکو کیا سر حقیقت کا ۔۔۔ عیاں تمنے خود افہام یا محبوب سبحانی

وہ جنکو اپنا پیدا رمین تہا بغداد مین تمنے ۔۔۔ دکہایا چہرۂ گلفام یا محبوب سبحانی

وہ جسنے ملک ہندوستان مین تائید سے تیری ۔۔۔ شیاطین کا کیا ارغام یا محبوب سبحانی

وہ جنکی ذات اشرف سی تری باعث ہین سب واقف ۔۔۔ حجاز و مصر و روم و شام یا محبوب سبحانی

شہ فضل رسول پاک جنکی ہاتہہ سی پہیلا ۔۔۔ جہان مین تیرا فیض عام یا محبوب سبحانی

مری ای دستگیر دو جہان اب دستگیری کر
گرا مین مجکو اب لے تہام یا محبوب سبحانی

مری ہو عاقبت بالخیر صدقہ اُن بزرگونکا
کہ ہون مین احقر خدام یا محبوب سبحانی

فقیر عبد قادر قادری نازان نہو کیونکر
کیا حق نے ترا ہمنام یا محبوب سبحانی

ردیف النون

کرو مشکل مرے آسان یا محبوب سبحانی
ہوا ہون مین بہت حیران یا محبوب سبحانی

جناب سرور عالم کی تم عالم مین نائب ہو
تمہارا عام ہے فرمان یا محبوب سبحانی

دل و جان ہر دو سرداران شبابان جنان کی ہو
رسول حق کی تہی جو جان یا محبوب سبحانی

قدم ہے آپکا سب اولیاء اللہ کی سر پر
جو منکر ہے وہ ہے نادان یا محبوب سبحانی

مجھے دو صدق ایمان حضرت صدیق کے صدقے
رکھو ثابت مرا ایمان یا محبوب سبحانی

بچا لو مجکو شیطان سے پئے فاروق اعظم تم
گریزان جن سے تہا شیطان یا محبوب سبحانی

عطا ہو نور باطن میرے دلکو بہر ذو النورین
کہ ہتے وہ جامع القرآن یا محبوب سبحانی

رضا حق مجھے بہر جناب مرتضے دیدو
کہ پاؤن روضہ رضوان یا محبوب سبحانی

سقانے الحب کی مستونکی صدقہ مین مجھے جلدی
چکھا دو تم مَی عرفان یا محبوب سبحانی

پئے فضل رسول پاک مجھپر فضل ہو تیرا
رہون تم پر فدا ہر آن یا محبوب سبحانی

فقیر قادری ہون نام والا ور ہے میرا
ملا ہے آپکا دامان یا محبوب سبحانی ؎

تمہارے نام کی تضمین یا محبوب سبحانی   مری دیوانگی ہے تزئین یا محبوب سبحانی
نہیں شاعر مگر برکت سے تیری رنگ قدرت کے   ہوا میرا بیان رنگین یا محبوب سبحانی
ملا جب تمکو حق سے کُن فیکان کا مرتبہ شاہا   ہوا تو صاحب تکوین یا محبوب سبحانی
شہا تخت عراق پر جناب سہروردی کو   عنایت تونے کی تمکین یا محبوب سبحانی
ترے ہی لطف سے ٹھہرے ہیں شاہنشاہ ہندوستان   مرے خواجہ معین الدین یا محبوب سبحانی
بنا فارس میں تجھسے نقش شیخ نقشبندی کا   کہ تھے وہ تیرے خوشہ چین یا محبوب سبحانی
ہوا علی یا کہ ادنیٰ سب کو ہی حاجت ترے در کی   ہے شہ ہی صورت مسکین یا محبوب سبحانی
خدا کی مار ہو اُسپر نبی کی اُسپہ ہو پھٹکار   کرے جو آپکی توہین یا محبوب سبحانی
شہا پھیلی ہے جیسی تیرے باغ خلق کی خوشبو   خجل ہیں سنبل و نسرین یا محبوب سبحانی
بے فضل رسول اللہ میں عرض ہے یہ دعا کرتا   کہو للہ تم آمین یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کی گور میں اللہ فرمانا
تم اگر اسکو خود تلقین یا محبوب سبحانی

خوشی سے مجھکو کر مقرون یا محبوب سبحانی   نہ رکھ اب مجھکو تو محزون یا محبوب سبحانی
جلال حکم سے تیری لگا بہنے اشارہ میں   رخ دنیا زرے سے خون یا محبوب سبحانی
تصرف تیرا جن و انس پر ہے نزد فہری عقل   جو منکر ہے وہ ہی مجنون یا محبوب سبحانی
وہ عالی شان ہے تیری کہ سب اہل سلاسل ہیں   ترے احسان کے مرہون یا محبوب سبحانی
جناب حق تعالیٰ نے تجھے اپنی عنایت سے   تصرف کا کیا ماذون یا محبوب سبحانی

بعزم بد جو آیا فوج لیکر شاہ کا بیٹا — ہوا وہ غیب سے مجنون یا محبوب سبحانی
جناب سرور عالم کی پھر فرمان سے اُسکو — کیا تھا آپ نے ممنون یا محبوب سبحانی
پئے فضل رسول پاک تو اہل ضلالت کی — مجھے فتنون سے رکھہ مامون یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کے تم ذرا بلہ پر آجانا
عمل جب اُسکی ہون موزون یا محبوب سبحانی

ردیف الواو

جو تیری در کا خاک کو ہو یا محبوب سبحانی — تو اُسکا خلد پر قابو ہو یا محبوب سبحانی
حقیقت اُسکی آگے کیا گلاب و مشک کے جیسے — تری کوچہ کی سو نگی بو ہو یا محبوب سبحانی
ترے افضال کا احسان کیا شکر ہو مجھہ سے — زبان گو میرا ہر یک مو ہو یا محبوب سبحانی
رہے وہ آبرو سے ابر رحمت اوسطرف برسے — جدہر تیرا خم ابرو ہو یا محبوب سبحانی
تمہاری نام کی تاثیر سی سب دُور ہوتا ہے — بلا ہو فکر ہو جادو ہو یا محبوب سبحانی
پئے فضل رسول اللہ میری سب گناہونکی — کرم سے تیری شست و شو ہو یا محبوب سبحانی

رہے کیا خوف آفات جہان سے دلمین جب جامی
فقیر قادری کا تو ہو یا محبوب سبحانی

ردیف الہا

ترے چہرہ کی ہے تشبیہ یا محبوب سبحانی
مہ و خورشید سی ہو تو یہ یا محبوب سبحانی

قدم کا تیری جو منکر ہوا ہی اسکی فرمائی
خدا نے غیب سے تنبیہ یا محبوب سبحانی

نظر سے جو گری تیری وہ ہو مردود کل اس سے
بچین سب کہکے نظر فیہ یا محبوب سبحانی

مقابل تیری حکم عام کی ہرگز نہین چلتی
کسی کی کوئی کچھہ توجیہ یا محبوب سبحانی

رفاہ دو جہاں کا ہی فقیر قادری طالب
مناسب اسکے ہی ترفیہ یا محبوب سبحانی

لکھوں کیا تیرا عز و جاہ یا محبوب سبحانی
کہ عالی ہی تری درگاہ یا محبوب سبحانی

تری تعریف مین مضمون عالی تیری منصب کا
نہین ملتا مجھے دلخواہ یا محبوب سبحانی

کہان ہے اولیا دہر کو تجھسے شہا نسبت
رعیت وہ ہین تو انکا شاہ یا محبوب سبحانی

اگر افراد ہی ہین تو ہی کم ہین تجھسے رتبہ مین
وہ ہین مثل سہا تو ماہ یا محبوب سبحانی

وہ قوت ہی نظر مین تیری گر تو کوہ کو دیکھی
لگی ہلنے مثال کاہ یا محبوب سبحانی

مرے کم بخت کو بیدار کرکے خواب مین بخشو
مجھے دیدار اپنا گاہ یا محبوب سبحانی

غلام خاندانی مین ہون غوث دو جہانی تم
لون کیون اپنا حصہ واہ یا محبوب سبحانی

بھٹکتا ٹھوکرین کہاتا پھرون اب ہند مین کب تک
دکہا دو مجکو اپنی راہ یا محبوب سبحانی

بلالو پھر مجھے بغداد مین اب دلکو ہی میرے
مئی دو آتشہ کی چاہ یا محبوب سبحانی

پیاسا ہون بجھادو آگ میری اب رحمت سے
پئے فضل رسول احمد یا محبوب سبحانی

فقیر قادری پر ہو عنایت کی نظر جلدی
کرے کب تک فغان و آہ یا محبوب سبحانی

ردیف الیاء

ترا وہ رتبہ علیا ہی یا محبوب سبحانی
کہ اک عالم ترا شیدا ہی یا محبوب سبحانی

سروں پر گردنوں پر اولیا اللہ کے یکسر
با مر حق قدم تیرا ہی یا محبوب سبحانی

وہ قدرت حق نے دی تمکو کہ سارا ماجرا تمنے
قضا کا خواب سے بدلا ہے یا محبوب سبحانی

ہوا ہی تجربہ لاکھوں جگہہ لاکھوں بلاؤں کو
تمہارے نام نے ٹالا ہے یا محبوب سبحانی

ترا بندہ ترا خادم ہوں میں اور لطف حق سے تو
مرا مولا مرا آقا ہے یا محبوب سبحانی

شہا فضل رسول پاک کے صدقے کرم کر دے
وسیلہ مجکو بس اُنکا ہی یا محبوب سبحانی

فقیر قادری زاہد نہیں صوفی نہیں لیکن
تری دربار کا کتا ہی یا محبوب سبحانی

ترا دربار ربانی ہے یا محبوب سبحانی
کرشاہی تیری دربانی ہی یا محبوب سبحانی

تری دربار کی کمّل کو کہا کرتے ہیں سب کمّل
براز دیبای کا شانی ہی یا محبوب سبحانی

قدم تیرا سر و نپر رکہکی تقدیم اُنکی بیشک
سب اہل اللہ نے مانی ہی یا محبوب سبحانی

بقدر معرفت ہر اک تری تعریف کرتا ہے
حقیقت کسنی پہچانی ہی یا محبوب سبحانی

تری ی غوث اعظم ہی جو عظمت اُسکی کیفیت
بیان کیونکر ہو وجدانی ہی یا محبوب سبحانی

بقول خواجہ قطب الدین تری قد پر درست آیا
لباس اعظم الشان ہی یا محبوب سبحانی

جناب سرور ہر دو جہان کی رخ کا آئینہ
تری پر نور پیشانی ہی یا محبوب سبحانی

تمامی اولیا کو تیری ہی دربار رحمت سے ملا سب فیض رحمانی ہی یا محبوب سبحانی
نظام کار محبوب الٰہی تجھسے تھا جسکے عیان درسی دُر افشانی ہی یا محبوب سبحانی
امیر ابو العلی کو تونی وہ منصب دیا عالی کہ قاصر نطق انسانی ہی یا محبوب سبحانی
شہا وہ ذات ہی تیری کہ دلسی خواجہ باقی اطاعت مین تری فانی ہی یا محبوب سبحانی
تری خاک قدم مین ہے شہا ہر چیز کی تسخیر ہوا ہی آگ ہی پانی ہی یا محبوب سبحانی
بیان کیا ہو تری قوت شہا تو کسکا پوتا ہے ترا جد شیر یزدانی ہے - یا محبوب سبحانی
فصاحت سے بلاغت سی معرا ہی بیان میرا زبان بہی میری دہقانی ہی یا محبوب سبحانی
مگر مجکو بہی ان باتونکی شاہا کچہہ نہین پروا مرا مقصد ثنا خوانی ہے یا محبوب سبحانی
مین کہوتا ہون کہرا کر دو برا ہون کچہہ دو تم اچہا نہین ہر شے کی آسانی ہے یا محبوب سبحانی
کرم مین دوسرا تجہسا نہین شاہا اگر میرا برائی مین نہ ثانی ہے یا محبوب سبحانی
کرم کر عاجزہ کونین پر بہی تجکو دی حق نے شہا تکوین اکوانی ہے یا محبوب سبحانی
مری سب کام بنتے ہین تمہارے لب ہلانے سے ہی اب کیون فدیہ حیرانی ہی یا محبوب سبحانی
مین اب کب مانتا ہون بے لئے اٹھتا نہین ہرگز یہ دل مین مین نے اب ٹھانی ہی یا محبوب سبحانی
گذارش مختصر کرتا ہون شاہا مصلحت سے مین وگرنہ قصہ طولانی ہے یا محبوب سبحانی
شہا مین ناتوان تیرا غلام خاندانی ہون تو میرا جان ہی جانی ہے یا محبوب سبحانی
مرے اس چہوٹے منہ پر تہی نہ زیبا گو بڑی یہ بات کرم کی تیری جولانی ہے یا محبوب سبحانی
کہا کرتے ہین جہان طفیلی کے کرمون نے زیادہ منزلت جانی ہے یا محبوب سبحانی

طفیل عزت فضل رسول اب مجکو سب کچھ دی ترے گھر میری مہمانی ہی یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کا تم سے اب مطلب بڑا سب ہے
عطائے نور ایمانی ہے یا محبوب سبحانی

ترا وہ روضۂ عالی ہی یا محبوب سبحانی کہ حال خلد سب جالی ہی یا محبوب سبحانی

ہے ہر روزن سے روز و شب فروزاں نور کا جلوہ تری روضہ کی کیا جالی ہے یا محبوب سبحانی

ولایت کی علی جڑ اور تم گل اور ولی سارے کوئی پتا کوئی ڈالی ہی یا محبوب سبحانی

جناب حق سے تو نے حق مین اپنے سب مریدون کے سند غفران کی لکھوالی ہی یا محبوب سبحانی

تری ہی نام کی برکت سی مجکو دونون عالم مین بلا سی فارغ البالی ہی یا محبوب سبحانی

کیا ہی اہل مجد و فضل نے مجکو ترا ہمنام یہ میرے حق مین خوش فالی ہی یا محبوب سبحانی

مری اولاد و احباب کا ہی بس کرم تیرا کفیل جانی و مالی ہے یا محبوب سبحانی

کفالت مین تری مع سب کے سپرد حقتعالی ہین ولی تو ہی خدا والی ہی یا محبوب سبحانی

شہا فضل رسول اللہ سی صد شکر مین نے راہ تری دربار کی پالی ہی یا محبوب سبحانی

فقیر قادری بندہ تو ہی آخر ترا گو وہ عمل سے علم سے خالی ہی یا محبوب سبحانی

مین شاعر کب ہون لڑکپن کی کہانی سب یہ ہر وے پر
کرم کی یہ ترے کہڈالی ہی یا محبوب سبحانی

تمت

تاریخ جمع دیوان منقبت از جناب مؤلف

امام ہر ولی ہین بالیقین محبوب سبحانی
ہی کی دین کی ہین کن کہین محبوب سبحانی

ولایت کی سند سب اولیا کو اونسی ملتی ہے
کہ ہین مہر ولایت کی نگین محبوب سبحانی

ہوا جو اُنکی سائل نعمت دارین پاتا ہے
بہلا محروم کرتی ہین کہین محبوب سبحانی

فقیر قادری بہی لیکی یہہ دیوان ہو حاضر
کہ سائل سی نہین کہتی نہین محبوب سبحانی

کہا ہاتف نی لکہہ تاریخ تو ترتیب دیوانکی

بہار وصف شاہنشاہ دین محبوب سبحانی

۱۲۹۹ھ

تاریخ طبع دیوان منقبت از شیخ صمد رضا قادری

چہپ چکا جسدم یہہ دیوان فقیری قادری
ہی جو وہ تصنیف عبد القادر شیرین زبان

سُنکی اس دیوان کو آئی وجد مین سب اہل دل
بیخودی مین لب پہ ہی یا غوث کا شور و فغان

لکہی سب حرفون مین یا محبوب سبحانی ردیف
جو فنا فی الغوث ہو سمجہی وہ یہہ رمز نہان

کیا نکالی مدح غوث پاک کی طرز جدید
منقبت مین غوث کی ہی ہر کرامت کا بیان

ہی اشارہ غوث کا بیشک جو یہ دیوان لکہا
لکہتی تصنیف جب بغداد سی آئی یہان

کیون نہو کسکی وہ لڑکی ہین وہ سجادہ نشین
جد امجد والد ماجد تو ہین قطب زمان

حضرت عبد المجید و حضرت فضل رسول
فیضیاب دین و دنیا جن سی ہی ہندوستان

دیکہکر دیوان مقبول جناب غوث پاک
ہو گیا دل سے یہ سرگرم دعا مین خستہ جان

ہو مصنف پر کرم ہر وقت غوث پاک کا
اور عنایت ہو صلہ ہر بیت کا قصر جنان

طبع دیوان کی کہی تاریخ دل نے صدر سے — ہے وہ دیوان ہو بہار گلشن جنت عیان

۱۳۰۰ھ

تاریخ جمع دیوان منقبت از مولوی احمد حسن صاحب وحشت قادری

جناب مولوی صاحب نے وہ کہا دیوان — کہ جس سے ہوتا ہی اُنکی کمال کا اظہار

ہی اُسمین منقبت قطب وہر غوث جہان — کہ جن سے زندہ ہوا دین سیّد ابرار

یہ عین حق کا ہوا لطف اور فضل رسول — کہ سہل طرح سی باندہی ہین قافیہ دشوار

معانی اُسکی ہین رنگین بہار یہ مضمون — ہزار جان سی ہو عندلیب خلد نثار

ہر ایک مصرعہ موزون ہی غیرت طوبی — بھرے ہین رنگ مضامین سے سب کے سب اشعار

طرح طرح کی مضامین اُسکی ہین دلچسپ — گل سخن سی عجب رنگ کی عیان ہی بہار

یہ جی مین آیا کہ تاریخ اُسکی مین بہی کہون — کمال فکر رہی اُسکی مجکو لیل و نہار

ہوا جو جمع تو ہاتف نی یہ کہا وحشت — عیان ہوا ہی گل منقبت کا رنگ بہار

۱۲۹۹ھ

تاریخ طبع دیوان منقبت از جناب ممدوح

مین کیا صفت لکہون سخن دلپذیر کی — لکہی ہے خوب مدح سے دستگیر کی

اشعار بے مثال ہین مصرعہ ہین لاجواب — دیوان ہوا پسند صغیر و کبیر

تہا سبکو یہہ خیال کہ ہونا ضرور ہے — تاریخ طبع منقبت بے نظیر کے

وحشت نی سال از سر بہجت رقم کیے — دیوان یہ منقبت ہین ہی پیران پیر کے

۱۳

تاریخ جمع دیوان منقبت از مولوی حامد بخش المتخلص بحامد قادری

لکھا فقیر قادری باکمال نے … دیوان یہ طرز خاص کا جو بے نظیر ہے
ڈالے دل مصنف خوش اعتقاد مین … مضمون تو یہ مرحمت دستگیر ہے
القا کیا کلام جو اپنی پسند کا … یہ خرق عادت شہ روشن ضمیر ہے
حامد سنی سروش سے تاریخ اختتام … دیوان یہ سب کرامت پیران پیر ہے
۱۲۹۹ھ

تاریخ طبع دیوان منقبت از جناب مولوی صاحب ممدوح

جناب عبد قادر قبلۂ اہل طریقت سے … لکھا دیوان کیا ہی نذر حضرت شاہ جیلانی
تخلص ہی فقیر قادری کتنا پیارا ہے … کرین کیونکر نہ ان پر لطف و رحمت شاہ جیلانی
تخلص مین رعایت ہی جو اسم غوث الاعظم کی … سمجھتے ہین یہ اسرار محبت شاہ جیلانی
ردیف ہر غزل مین ہے جو یا محبوب سبحانی … مدد کرتے ہین دکھلا کر کرامت شاہ جیلانی
لکھا فضل رسول پاک سی دیوان مصنف نے … کرم ہی عین حق کا دین کی نعمت شاہ جیلانی
بلاغت و فصاحت ہی عیان مشکل قوافی سے … مصنف پر ہے یہ تیری عنایت شاہ جیلانی
مصنف کو ملے کیا کیا در مضمون مناقب کے … عطا کرتے ہین دولت خود بدولت شاہ جیلانی
لکھا ہے منقبت مین کیا نئی انداز کا دیوان … یہ دی تم نے فصاحت و بلاغت شاہ جیلانی
مصنف نے جو یہ دیوان لکھا بغداد سے اگر … معز آپ نے کی یہ ہدایت شاہ جیلانی

لکھی دیوان کے چھپنے کی یہہ تاریخ حامد نے
دلاوینگے صلہ مین اونکو جنت شاہ جیلانی
۱۳۰۰

تاریخ جمع دیوان منقبت از مولوی انوار الحق صاحب انوار قادری

مقبول غوث پاک ہے دیوان منقبت
قربان ہین وہ قلوب جو ہین معرفت پسند

انوار دے خبر مجھے اگر سروش نے
پیران پیر نے ہے وہ کی منقبت پسند
۱۲ھ ۹۹

تاریخ طبع دیوان منقبت از شیخ غلام قادر صاحب قادری

کیا بیٹھے ہو عاشقان غوث الاعظم
ہر شعر ہے منقبت کا دیوان مین لکھا
دلدادہ دبیر چرخ بھی ہے اسکا
جو اوسکو پڑھے وہ جنتی ہوتا ہے

مرشد کا ہمارے آکے دیوان دیکھو
مقبول جناب شاہ جیلان دیکھو
اس طرز جدید پر ہے قربان دیکھو
ہر شعر ہے نخل باغ رضوان دیکھو

تاریخ بھی اب غلام قادر اسکی
لکھہ طرفہ ثنای شاہ جیلان کہہ
۱۳۰۰ھ

تاریخ از منشی محمد چراغ الدین صاحب لائق لاہوری

فقیر قادری نے خوب لکھی
یہہ نظم پر معانی پر فوائد

کہی لائق سے یون ہاتف نے تاریخ
کہ ہے بے مانند غوثیہ قصاید
۱۸ ۶ ۸۳

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

بمجد و فضل رحمانی این نسخہ لاثانی مناقب علیہ جناب قطب الاقطاب غوث الثقلین
سید الافراد سلطان الاولیا غوث صمدانی قطب ربانی رضی اللہ عنہ

مسمی باسم تاریخی

دیوان ثانی در مدح اکمل الاولیا جناب محبوب سبحانی

۱۳

از تالیفات لطیفہ

جناب مستطاب واقف اسرار عرفانی حاجی حرمین شریفین و زائر روضہ حضور
شاہ جیلانی مولانا عبدالقادر صاحب قادری مجیدی عینی عثمانی مدظلہ العالی

در مطبعِ نسیم سحر واقع بدایون مطبوع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعت سے اوس شاہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی عاجز مری تقریر ہے
جا بجا جسکی صفت قران مین خود تحریر ہے

ہر نبی (علیہم السلام) کا حکم اونکی قوم پر مخصوص تھا
رحمت عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کا حکم عام عالمگیر ہے

ہر کتاب آسمانی ہے مبشر آپکی
ہر نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے خیر مقدم کی ہوئی تبشیر ہے

صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) قوسین ہین اور تاجدار امیت
اونکی مشت خاک سے شرمندہ تیغ و تیر ہے

ہے نبوت آپکی سب انبیا (علیہم السلام) سے پیشتر
حکمت حق سے ہوئی اظہار مین تاخیر ہے

آپکے سوءِ ادب سے سب عمل ہوتے ہین حبط
آیت لا تجہروا مین حق نے کی تحذیر ہے

نعت شاہ دین (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مین آنا مدح اہل بیت (علیہم السلام) کا
اہل حق کی حق مین لذت بخش قند و شیر ہے

کیا لکھے توصیف بندہ اہل بیت (علیہم السلام) پاک کی
شان مین جنکی کہ نازل آیت تطہیر ہے

ہوگی جب جنت کو جائینگی جناب سیدہ (رضی اللہ عنہا)
بند چشم اہل محشر واہ کیا توقیر ہے

بضعۃ منی ہے فرمایا رسول اللہ نے
جز کو غیر کل سمجھنا وہم کی تزویر ہے

لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار
وہ خدا کا شیر و شاہ دین کی شمشیر ہے

شہرِ علمِ دینِ نبی ہین باب ہین مولیٰ علی
مصحفِ ناطق ہین ہر ہر بات پر تاثیر ہے

ہے کمالِ ظاہرِ ایمان کا اگلون سے ظہور
ملکِ باطن پر علی کا قبضۂ تسخیر ہے

کحلِ چشمِ اولیا ہے خاکپاے بوتراب
آستان کا اونکی ہر ذرہ بہ اکسیر ہے

سیرتِ سبطین ہے سیرتِ رسول اللہ کی
اونکی صورت بھی رسول اللہ کی تصویر ہے

دونون سلطانِ جوانانِ جنان ہین بیگمان
اونکا عاشق جان و دل سے ہر جوان و پیر ہے

ہے خطا خوشبو کو اونکی گر لکھون مشکِ ختن
ہمین ریحانِ نبی کی بس یہ تحقیر ہے

دوشِ احسن پر رسول اللہ کے حسنِ حسین
جلوۂ نورِ علی نور کی اک تنویر ہے

راکبِ دوشِ نبی کا آہ سر نیزہ پہ ہو
واہ واہ سرداریِ جنت کی کیا تدبیر ہے

دیکھو شانِ کبریا تیرونکا باران اودہر
اور ادہر اللہ اکبر نعرۂ تکبیر ہے

راہِ حق مین کردیا سجدے مین قربان اپنا سر
ایسی فَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ کی کسنے کی تفسیر ہے

سبطِ سبطینِ نبی ہے غوثِ اعظم بالیقین
جملہ پیرانِ سلاسل کا وہ بیشک پیر ہے

ہے فداے اہلِ بیت و مخلصِ اصحابِ پاک
کیا فقیرِ قادری بھی واہ خوش تقدیر ہے

تاثیر کا یہ نکتۂ لحمی کی حال ہے
نسلِ علی مین حصر محمد کی آل ہے

دم سے نبی کے دم ہے علی کا جو متحد
کیا اونمین اتحاد ہے کیا اتصال ہے

موجود ہین علی مین محمد کی سب صفات
ہان اک نبوت اونمین نہین جو محال ہے

نسبت علی کی ایسی محمد سے ہے کہ ربط
ہارون کا کلیم سے جسکی مثال ہے

دیدار اونکا مین عبادت خدا کی ہے
کیا خندا علیِ ولی کا جمال ہے

خیبر کی فتح ارض پہ اور آسمان کی
ہو ردِ شمس اونکے لئے کیا جلال ہے

ایمان کا کمال محبت علیؑ کی ہے
بغض اونکا کیا ہی عینِ نفاق و ضلال ہے

یادِ علیؑ ہے راحتِ جانِ جہانیان
نام اونکا کیا ہے دافعِ رنج و ملال ہے

ہین غوثِ پاک نائبِ شیرِ خدا عیان
جنکے کہ دم قدم سے علیؑ کا کمال ہے

روحِ حسینؑ راحتِ جانِ حسنؑ ہین وہ
وصل اونکا بس نبیؐ و علیؑ کا وصال ہے

مانگے نہ کیون فقیرِ جنابِ امیرؑ سے
محتاج یہ وہ صاحبِ جود و نوال ہے

ممدوح اپنا وہ شہِ عالی مقام ہے
شیرِ خدا علیؑ ولی جسکا نام ہے

ہی جانِ پاکِ صاحبِ لولاک وہ جناب
دیکھو گواہ اسکا خدا جل جلالہ کا کلام ہے

فرزندِ مصطفیٰ کے ہین فرزندِ مرتضیٰ
نسلِ نبیؐ کا نسلِ علیؑ سے قیام ہے

داخل ہے چار یار مین وہ شاہِ نامدار
شامل ہے پنجتنؑ مین عجب احترام ہے

وہ مرتبہ کہان کہ علیؑ کے غلام ہون
بندے ہم اُسکے ہین جو علیؑ کا غلام ہے

ہو کیون نہ خاکپای علیؑ کیمیای فیض
دوشِ نبیؐ پہ پای علیؑ کا مقام ہے

ہی اُنسے بابِ فیضِ ولایت کا افتتاح
فیضِ نبوت اُنپہ ہوا اختتام ہے

باطن کے جو امام ہین قبل انکے یا کہ بعد
سب اُسکے مقتدی ہین وہ سبکا امام ہے

پیران پیر ول ہین جنابِ امیرؑ کے
سب سلسلون مین جنکا عیان فیضِ عام ہے

مستِ شرابِ عشقِ نبیؐ ہی وہ ہی پیا
جسنے ولای ساقیِ کوثر کا جام ہے

ممکن نہین کہ حل ہو مشکل فقیر کی
مشکلکشا امیرؑ علیہ السلام ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الالف

ادا حضور کی ہو مجھسے کیا ثنا یا غوث | کہ تم ہو عاشق و معشوق کبریا یا غوث

اطاعتِ نبوی آپکی اطاعت ہی | رضا ہی آپکی اللہ کی رضا یا غوث

ادب حضور کا سب اولیا پہ واجب ہے | ہین آپ نایبِ سردار انبیا یا غوث

امام ظاہر و باطن ہو نورِ عینِ علی | ہی تمسے دیدۂ سبطین کو ضیا یا غوث

امید شام و سحر رکھتے ہین یہی قدسے | کہ آستان پہ رہین تیرے جبہہ سا یا غوث

اثر سے تیری توجہ کے بوالمظفر کو | ملی سفر مین ظفر ٹلگئی قضا یا غوث

اسیر ہوے جو تیرے غضب کے زندان مین | سوا ترے وہ کسی سے نہو رہا یا غوث

اجابت آپکی سنتِ دعا پہ عاشق ہے | عطا ہی حق ہی تری حسبِ مدعا یا غوث

اگر نگاہِ کرم تیری اوس پہ پڑجاے | تو خاک سیم ہو ہو جاوے مس طلا یا غوث

اوٹھاؤن فرقتِ بغداد کا الم کبتک | خدا کیو اسطے پہر لیجیے بلا یا غوث

امان ظلِ حمایت مین آپکی ہی فقیر | عدو کا خوف بلا کا خطر ہی کیا یا غوث

ب بیاں ہو آپکا کیا عز و اعتلا یا غوث — ازل سے آپ ہیں سلطانِ اولیا یا غوث
بلند سب سے کیا حق نے آپکا رتبہ — سب اولیا کا ترے در پہ سر جھکا یا غوث
بلا نہ آئے کبھی لطف سے ترے ہر دم — مدد پہ میری رہیں شاہِ کربلا یا غوث
بن آوے دم میں ابھی بات میری بگڑی ہوئی — جو تیرا لطف و کرم مجھپہ ہو ذرا یا غوث
بھڑک رہی ہے مرے دلمیں آتشِ ہجران — تو اپنے شربتِ دیدار سے بجھا یا غوث
بدی کو حسنِ عمل سے مرے کرو مقلوب — مٹا دو ذلتِ عقبیٰ کا دغدغا یا غوث
برا ہوں یا ہوں بھلا ہوں تو آپکا ہی فقیر عفی — نہ اپنے بندہ کو اب دربدر پھرا یا غوث

پ پیا نہ پانی نہ کھایا طعام تمنے کبھی — خدا کا حکم نہ جبتک تمہیں ہوا یا غوث
پکارا جب تمہیں دریا میں مستغیثوں نے — جہاز آفتِ طوفان سے بچ گیا یا غوث
پڑی تھی جسپہ ذرا گرد تیری کوچہ کی — عذاب قبر سے اوس شخص کے اٹھا یا غوث

ت تجلیات کا تھا تجھپہ ابتدا سے ظہور — کنارِ دایہ سے طفلی میں تو اڑا یا غوث
تصرف آپکا عالم کو عام و شامل ہے — مسخر عرش ہی محکوم ہے سما یا غوث
تمہاری خوانِ کرامت سے سب ہیں زلّہ ربا — کہ آپ شاہ ہیں سب اولیا گدا یا غوث

ٹ ٹھگوں کے ظلم سے جب قافلے نے کی فریاد — ملی او نہیں تری نعلین سے سزا یا غوث
ٹھکانا نارِ سقر میں ہی تیرے منکر کا — وہ جنتی ہے جسے ہے تری ولا یا غوث
ٹلیگا در سے ترے لیئے نہ تیرا فقیر عفی — وہ آستان پہ تری ابتو آگیا یا غوث

ث ثمن سے جسکے سلاطین وقت عاجز تھے — گراں بہا تھی تری بر میں وہ قبا یا غوث

ث — ثبات ہو رہِ ایمان پہ مجھکو مرتے دم / خطر ہے زلّتِ اقدام کا بڑا یا غوث
ثمر عطا ہو مرے نخلۂ مراد کو بھی / ہے کُن فکاں کا تمہیں مرتبہ ملا یا غوث

ج — جہان کی اہلِ ولایت سے آپ اکمل ہیں / یہ اتفاق ہے اہلِ کمال کا یا غوث
جلال سے ترے مر کر گرے زمین پہ چیل / ادب نہ تھا جو تری بزم کا کیا یا غوث
جمال سے ترے دم بھر میں ہو گئی زندہ / وہ حق نے منصبِ قدرت تجھے دیا یا غوث

چ — چمکتا اوجِ علا پر ہے آفتاب ترا / سب اولیا ہیں ترے روبرو سُہا یا غوث
چمن میں مست ہے گل چہچہے ہیں بلبل کو / چلی وہ گلشنِ بغداد کی صبا یا غوث
چھٹے وہ دامِ الم بندِ غم سے اُسدم ہیں / جو صدقِ دل سے کرے تجھسے التجا یا غوث

ح — حلاوت ایسی ہے کچھ بات بات میں تیری / نبات و قند میں ہے وہ کہاں مزا یا غوث
حسد عبث ہے عداوت عدو کو ہے بیکار / خبر نہیں ہے کہ آقا ہے تو مرا یا غوث
حقیر سمجھے نہ کیوں جامِ جم کو تیرا فقیر / کہ تیرا جام ہے جامِ خدا نما یا غوث

خ — خدا سے پایا وہ رتبہ کہ بارہا تمنے / قضا کا خواب سے بدلا ہے ماجرا یا غوث
خلف کو فخر سلف کو شرف بفضلِ خدا / تمہاری ذاتِ مقدس سے ہو گیا یا غوث
خزاں کا غم ہے نہ کھٹکا ہے بادِ صرصر کا / سدا بہار ہے وہ گلشنِ حِما یا غوث

د — دیا ہر ایک کو جو چاہا جسکو ہی تمنے / ہے بے حساب ترا دفترِ سخا یا غوث
دو عالم آپکا تابع ہے کسکو طاقت ہے / کرے جو آپکے فرمان سے اِبا یا غوث
درِ حضور ہے حاجت روای اہلِ غرض / مجھے بھی خوانِ کرم سے ہو کچھ عطا یا غوث

د ڈرو نہین مکر سے حسّادِ بد نہاد کے یون — کہ لا تخف ترا ارشاد ہی سُنایا غوثؓ
ڈھکے ہین عیب مرے دامنِ کرم سے ترے — کہا حضورؐ نے ہی خود ستّر تمہارا یا غوثؓ
ڈسینگے ناگ جہنم کے اُس عدو کو — ہو جو تیری عداوت مین مبتلا یا غوثؓ

ذ ذلیل کسطرح کر سکتے ہین مجھے عدا — کہ میرے سر پہ ہی دستِ کرم ترا یا غوثؓ
ذنوب میرے ہین حسنِ عمل سے گرچہ فزون — جو تم کفیل ہو پھر خوف کیا رہا یا غوثؓ
ذرا ادہر بھی خدا راہ اک نظر کیجے — مین کب سے منتظرِ لطف ہون کھڑا یا غوثؓ

ر رخِ نبیؐ کی تجلّی ہی تیرے رخ سے عیان — جبین پہ نورِ خدا کا ہی پرتوا یا غوثؓ
رسولِ حق نے تمہین اولیا کے مجمع مین — پنہایا خلعتِ تخصیص بر ملا یا غوثؓ
ریاضِ خلد ہی بغداد کی فضا سے خجل — تمہارے کوچہ کی دلکش ہی کیا ہوا یا غوثؓ

ز زمانہ مین نہ ترا مثل ہی نہ ہو نہ ہوا — یہ کس ولی کا ہی رتبہ ترے سوا یا غوثؓ
زمین مین خلد مین جو ملک مین انس مین — تمہارے فضل کا شہرہ ہی جا بجا یا غوثؓ
زبان پہ نام ہی دلمین تصوّرِ رخ ہے — خیال آپکا آنکھون مین ہی بسا یا غوثؓ

س سعادت اور شقاوت ہی تیرے قبضہ مین — کہ تو نے چور کو ابدال کر دیا یا غوثؓ
سیادتِ عرفا مطلقا تمھین کو ملی — تمہین ہو قافلہ سالارِ اصفیا یا غوثؓ
سُنایا آپکو کرتے تھے ماہ و سال و ایام — سب اپنا حال بُرا ہوتا یا بھلا یا غوثؓ

ش شمائل آپکے ہین سب شمائلِ حسنینؓ — وہی ہی جلوہ وہی ہی تری ادا یا غوثؓ
شمار تیری کرامات کا نہین ممکن — کہ شہری خاک بھی قبر کی ترے دیا یا غوثؓ

خفا ہوئی درد دل آپ کا تصور ہے — ہے نام پاک ترا دافع بلا یا غوث

ص — صباح و شام تری مدح ورد ہے میرا — یہی وظیفہ یہی شغل ہے سدا یا غوث

صلوٰۃ و صوم پہ غرا نہیں مجھے اصلا — تمہاری لطف و کرم کا ہے آسرا یا غوث

صدا ہے شام و سحر یہ ترے فقیروں کی — مُرید و صلک للہ اعطنا یا غوث

ض — ضمیر پاک ہے انوار حق کا آئینہ — عیاں ہیں آپ پہ اسرار دو سرا یا غوث

ضیائے شمس و قمر عکس روئے تاباں ہے — فروغ آئینہ دندان کی ہے صفا یا غوث

ضریر آپ نے بینا کئے اشارہ سے — نظر سے آپ نے فالج کو کھو دیا یا غوث

ط — طبیب ہوتے تھے حیران کرامتوں سے تری — ترے ارادہ کی محکوم تھی شفا یا غوث

طریق معرفت حق میں تم نے جو ہی کیا — تمام اہل تصوف کا رہنما یا غوث

طفیل جذبۂ مستان عشق مصطفوی — ہے وصال کا ساغر مجھے پلا یا غوث

ظ — ظہور سے ترے دین نبی ہوا زندہ — لقب خدا نے ترا محیی دین کہا یا غوث

ظہیر وقت مصیبت ہیں ہر مرید کے آپ — خلوص قلب سے جس دم کرے ندا یا غوث

ظفر نصیب ہوا وہ نہ ہو شکست کبھی — مدد جو آپ سے چاہے دم وغا یا غوث

ع — عیاں ہے آپ کے چہرہ سے شان مرتضوی — وہی جلال وہی رعب دبدبہ یا غوث

عراق ہی نہیں ہر گلشن جہاں میں ترا — زبان بلبل و گل پر ہے تذکرا یا غوث

عقیل و ماجد و حماد و نجیب و شہا — ہمیشہ آپ کی تھی منقبت سرا یا غوث

غ — غریب و خوار و ذلیل و گدا ہوں تم ہو — غنی و قادر و فیاض و ذو عطا یا غوث

غضب تمہارا نمونہ خدا کے قہر کا ہے ۔۔۔ کرم حضور کا ہے رحمت خدا یا غوث
غرور جسنے کیا آپ سے وہ خوار ہوا ۔۔۔ گدا ہو یا ہو شہ لشکر و لوا یا غوث
فراق آپکا دوزخ وصال جنت ہے ۔۔۔ دکہا دی جلوہ کہ دل ہجر کی جلا یا غوث
فنا کے لطف بقا کے مزا او سکو ملے ۔۔۔ ہوا جو عشق و ولا میں تری فنا یا غوث
فقیر میں ہوں ترا تو ہی میرا شاہنشاہ ۔۔۔ ہی اوٹہتے بیٹہتے ہر دم مری صدا یا غوث
قضا ہی تیری مسخر قدر موافق ہے ۔۔۔ کیا خدا نے وہی تمنے جو کہا یا غوث ق
قدم سے ہی ترے سبز گلشن بغداد ۔۔۔ بہار خلد ہی جنت کی ہی فضا یا غوث
قصور سب مرے تو بخشوا کے روز جزا ۔۔۔ قصور خلد خدا سے مجھے دلا یا غوث
کرامتیں ہیں تری معجزات شاہ رسل ۔۔۔ ہی دم سے تیرے عیان شان مصطفا یا غوث ک
کبھی تو خواب میں دے کہلا رخ انور ۔۔۔ کہ مدتوں سے ہوں میں طالب لقا یا غوث
کرم حضور کا ہی ہر جگہہ مرے ہمراہ ۔۔۔ یہی ہی زاد یہی میرا راحلا یا غوث
گیاہ کا بھی ترے مدرسہ کی ہی یہ اثر ۔۔۔ کہ جسکے پینے سے ٹلجاتی ہی وبا یا غوث گ
گدا کو تیرے نہیں سلطنت کی کچھہ خواہش ۔۔۔ وہ جسکو چاہی ابھی کر دی پادشا یا غوث
گہر نثار ترے ذرہ ہای رہ پر ہیں ۔۔۔ ہی سنگ در پہ فدا لعل بے بہا یا غوث
لعاب چیکے نبی و علی کا تہری تم ۔۔۔ طریق وعظ و ہدایت کی پیشوا یا غوث ل
لقب ہی آپکا عالم میں سید الافراد ۔۔۔ تم اولیای جہان کے ہو مقتدا یا غوث
لب حضور تعلی ہیں عین آب حیات ۔۔۔ سنا کے بات دل مردہ کو جلا یا غوث

م بلا اُسکو ولایت مین منصبِ عالی — کہ جسنے آنکہہ سی تیرے قدم ملا یا غوث

معین و قطب و فرید و نظام عرفان مین — کرم سی تیرے ہین کالشمس فی الضحیٰ یا غوث

مقام خاص ہی خلوت کا آپکی مخدع — سب اولیا سی تری شان ہے جدا یا غوث

ن نظر سی سیکڑون فساق کردی ہین ولی — یہ تہا نگہہ مین اثر تیری حبذا یا غوث

نکالی ڈوبی ہوئی تُد تونی تمنی برات — کہ بر و بحر مین تہا شورِ مرحبا یا غوث

نثار ہین تیرے مرقد پہ سبعہ سیارے — ہین آستان پہ تیرے ہفت آسمان فدا یا غوث

و ولی ہین جتنے جہان مین ہر ایک کی گردن — خدا کے حکم سی ہی تیرے زیر پا یا غوث

وصال آپکا موصل ہے وصلِ مولا کا — پہرا جو آپ سی وہ حق سی بھی پہرا یا غوث

وسیلہ جسکو ملے دامنِ کرم کا ترے — زہی نصیب ہے ہی طالعِ رسا یا غوث

ہ ہی والدین سی تو ابنے وارثِ حسنین — ملا ہی تجہکو عجب حسنِ دلربا یا غوث

ہمیشہ آپکا خورشیدِ فیض تابان ہے — اگرچہ خورِ دگر اقطاب کا چہپا یا غوث

ہزارون مچہلیان آئین برائے پابوسی — نماز تمنے جو دریا مین کی ادا یا غوث

ی ید حضور مین ہے قدرت ید اللّٰہی — زبان سی بحرِ فیوضِ خدا بہا یا غوث

یہ آرزو ہی رہو مین تری حضور مین — یہی قصیدہ کا مجہکو ملے صلا یا غوث

یقین ہی تیرے کرم سی فقیر عاصی کو
کہ بخشوائیگا تو اوسکی ہر خطا یا غوث

قصیدہ دیگر در صنعتِ طالب و مطلوب

ا	ادب سے کرتا ہوں میں تم سے التجا یا غوث	میں آپکا ہوں برا ہوں و یا بہلا یا غوث	ب
ب	بجا ہے سہر جو ہے ہر ولی کے تیرا قدم	تشبہ رسول کا اترے وہ دوش پر بابا غوث	پ
پ	پیالہ پی کے ترا ہی ہوئے ہیں مست قطب	بہار ہے فیض سے کیا میکدہ ترا یا غوث	ت
ت	تجہے ملا ہے وہ منصب وہ مرتبہ وہ شرف	کہ ہے عدد سے فزون تیری ثنا یا غوث	ث
ث	ثری سے تا بہ ثریا ہیں تیرے سب تابع	جہا نمیں آپکا شہرہ ہے جابجا یا غوث	ج
ج	جلائے دل مردہ مرا پہر از سر نو	شراب وصل کا اپنی مزا چکہا یا غوث	چ
چ	چمن میں حضرت بغداد کی بلا کے مجھے	دکھائیے مجہے پہر نزہت حما یا غوث	ح
ح	حیا سے حال دل زار کہہ نہیں سکتا	کرم سے میری خبر لو بہر خدا یا غوث	خ
خ	خراب و خستہ ہوں پر آپکا بہروسہ ہے	دعا ہے تیری ہی مرے درد کی دوا یا غوث	د
د	دیا خدا نے وہ رتبہ تمہیں کہ ہے عاجز	بیان سے عقل کے سب دست و ذکا یا غوث	ذ
ذ	ذلیل و خوار ہوں محتاج و بینوا ہوں میں	کر اپنے لطف سے حاجت مری روا یا غوث	ر
ر	رقم ہوا ہے نام ترا میرے صفحۂ دل پر	زبان پہ تیری ثنا کا ہے زمزمہ یا غوث	ز
ز	زمین پہ جن و بشر ہی نہ تیرے ہیں مشتاق	ہے تیری یاد میں ہر ساکن سما یا غوث	س
س	سوا ترے کہو مرد درد دل کا کون طبیب	اشارہ میں ترے ہے بس مری شفا یا غوث	ش
ش	شراب عشق و محبت کو اپنی ذات کی دے	خیال غیر سے دلکو مری صفا یا غوث	ص
ص	صلا دے اپنی ثنا کا مجھے ز راہ کرم	دکہا دے اپنے رخ پاک کی ضیا یا غوث	ض
ض	ضعیف و زار ہوں ہے قلب میرا تیرہ و تار	نظر سے میرے مس دلکو کر طلا یا غوث	ط

ط	طرب سی شوق سی باطن مین پاس کہ اپنی	ہوا ہون گرچہ مین مہجور ظاہر ا یا غوثؓ	ظ
ظ	ظہور ہی ترا عین ظہور شان علیؓ	عیان ہی سب یہ تری عزّ و علا یا غوثؓ	ع
ع	عذاب ہجر سی للہ دی امان مجھکو	کہلا دی قرب کی اپنی مجھے غذا یا غوثؓ	غ
غ	غشاوہ بشری دور کرکے دی مری	دکھا وہ جلوہ کہ ہون تجھہ مین مین فنا یا غوثؓ	ف
ف	فدا نہ کیون ہون ترے قد پہ سرو و طوبے سب	شہ رسل نے ہے تجھے اپنی دی قبا یا غوثؓ	ق
ق	قدم کی تیری وہ تاثیر ہی کہ ہے جسکی	تراب سی خجل اکسیر و کیمیا یا غوثؓ	ک
ک	کرم سی اپنے مری جلد دستگیری کر	وگرنہ ملک سی حاسد کے مین گرا یا غوثؓ	گ
گ	گناہگار ہون مین گرچہ اپنی شامت سے	مگر وسیلہ ترا مین نے ہے لیا یا غوثؓ	ل
ل	لبون پہ جان ہے مری بس یہی وقت مدد	سوا تری نہ مددگار ہے مرا یا غوثؓ	م
م	مجھے بھی جام کرامت سی اپنی کر مست	کہ تیری عشق کا ہر دم رہے نشا یا غوثؓ	ن
ن	نبی کے حکم سی مشکل کشاؓ کے نائب ہو	مری بھی عقدۂ مشکل کو کر دو وا یا غوثؓ	و
و	وضو جو تونے کیا نخل خشک کے نیچے	وہ تیری فیض سی فوراً ہوا ہرا یا غوثؓ	ہ
ہ	ہزار جان سی تمنا یہی فقیر کی ہے	ہمیشہ ورد مرا یا ہی ہو یا غوثؓ	
ی	یہ آرزو ہے کہ جبتک ہین طالب و مطلوب فقیر تیری طلب سی ہو آشنا یا غوثؓ		ا

الباء

بیان ہو آپکی مدح و ستایش مجھسی کب یا غوثؓ	تمامی اولیا ہین آپکا کرتے ادب یا غوثؓ

شہِ افراد و غوثِ اعظم و قطبِ دو عالم ہے
کرم سے حقتعالی کے ملا تمکو لقب یا غوث

پدر بھی سید حسنی ہین مادر بھی حسینی ہین
تعالی اللہ ہی کیا آپکا حسن نسب یا غوث

بحکمِ حقتعالے اولیاے سابق و لاحق
قدم رکھتے ہین تیرا اپنی سر پر سب کے سب یا غوث

تری عاشق ہین مستِ بادۂ عرفانِ لاہوتی
زہے دولت ملے جسکو ترا جامِ طرب یا غوث

تجھے اپنی نیابت رحمۃ للعالمین نے دی
جہان تیرا مسخر ہے عجم سے تا عرب یا غوث

مرا سب درد و غم اک دم کے دم مین دور ہوتا ہے
لیا کرتا ہون جذبِ دلسے تیرا نام جب یا غوث

سپہر ہی تیرے کہے پھیری ہی تسخیر ہے میری
مری مولا ترا کیا اسمِ اعظم ہی عجب یا غوث

تری چشمِ کرم سے ہے مظہر مہر و عطای حق
خدای منتقم کا قہر ہے تیرا غضب یا غوث

طفیلِ پنجتن میری مدد فرما کہ مٹجاوے
مری اعدا کا تیری حکم سے شور و شغب یا غوث

فقیر قادری بھی ہے ترا اک عبدِ موروثی
کہ تھے تیری غلامِ خاص میرے جد و اب یا غوث

التماس

مجھ سے عاجز سے ہو کیونکر تری مدحت یا غوث
فرش سے عرش تلک ہی تری رفعت یا غوث

دوشِ اقدس پہ تری ہے قدمِ پاکِ نبی
حبذا کیا ہی ملی ہی تجھے عزت یا غوث

اپنی گردن پہ رکھا سب نے قدم کو تیرے
اولیا مین یہ بڑی ہی تری شوکت یا غوث

جتنے اقطاب ہین افراد ہین یا ہین ابدال
فیضِ حق سبکو ملا تیری بدولت یا غوث

اک اشارہ مین کیئے سیکڑون مردی زندہ
تجھکو دی قادرِ مطلق نے وہ قدرت یا غوث

مست رہتی ہین می وصل نبی سی ہردم
جنکو ملتی ہے تری عشق کی لذت یاغوث

نار دوزخ تری اعدا کا مقرر ہے مقر
ہی ولا تیری کلید در جنت یاغوث

تو ہے مخدوم تری ساری ولی ہین خادم
کرتے رہتے ہین ملک بھی تری خدمت یاغوث

نائب رحمت عالم ہین دو عالم مین حضور
کیون نہون آپ سی سب طالب رحمت یاغوث

چاہتے ہین جسے کر دیتے ہین سلطان جہان
ہی فقیرون کی تری در کی یہ ہمت یاغوث

اہل دنیا سے فقیر آپکا مستغنی ہے
آستانہ ہی ترا مخزن نعمت یاغوث

الثاء

شاہ مردان کے ہو تم نائب و وارث یاغوث
تجھکو سب کہتے ہین حسنین کا ثالث یاغوث

رعب سی نام مبارک کے تری عالم مین
کانپ جاتے ہین شیاطین و خبائث یاغوث

فضل قرآن کی ہوئی حکم سی تیری وہ کتاب
فلسفت کی تھی لکھے جسمین مباحث یاغوث

ہے یقین عزت و توقیر جسے حاصل ہو
دونون عالم مین تری مدح کی باعث یاغوث

تم جو امداد کو آجاؤ دم نزع فقیر
دور ہو جائین سب آفات و حوادث یاغوث

الجیم

کیا لکھون تیرے مدارج یاغوث
ہین وہ تحریر سی خارج یاغوث

تو وہ ہے شاہ کہ سکہ ترا
سب بلاد اس مین ہی رائج یاغوث

مٹ گئے نام سے تیرے وہ مرض
کو رہنیا سے کئے اچھے مجذوم
مجلس وعظ مین تیرے تائب
دوست عزت سے ہین ہوئے مخذول

تھک گئے جس سے معالج یاغوث
کھو دیا آپ نے فالج یاغوث
ہوئے رفاض و خوارج یاغوث
میرے سب حاسد و خارج یاغوث

تو شہنشاہ ہے مین تیرا فقیر
کر روا میرے حوائج یاغوث

الحا

شجر قلم ہون فلک ہو دفتر لکھین جو بانکی فصیح یاغوث
جذام و فالج عمی کی باعث مریض بیٹھا جو فضل کا تھا
ترے دعا خدا نے بدلا قضا کو رویا کے ساتھ فوراً
تری کرامت کا کیا بیان ہو کہ دم مین زندہ ہوئے مردے
خوشی سے کھل کھل گئے گل ہون غنچے تو مست خوشبو سے بلبلین ہون
جگر نبی کی ہو روح حیدر حسن کے دل ہو حسین کی جان
نہ کیون کہین سب قدم کو سر پر کہ آپ سردار اولیا ہین
خطر قیامت کا قبر کا غم ترے مریدونکو کس لئے ہو

کہان یہ ممکن کہ ایک ذرہ بیان ہو تیری مدیح یاغوث
تمہارے فضل و کرم سے محروم ہین جو وہ بالکل صحیح یاغوث
سفر وسیلہ ظفر کا ٹھہرا ہوئے مظفر نجیح یاغوث
تری غلامون نے لب ہلا کر کئے مثال مسیح یاغوث
کبھی جو لائے صبا چمن سے تمہارے روضہ کی ریح یاغوث
ہو سارے عالم سے کیون نہ حسن تمہارا حسن ملیح یاغوث
سب اہل دل انکو مانتے ہین ہے انکا منکر قبیح یاغوث
کہ لاتخف اونکے واسطے ہے تمہارا قول صریح یاغوث

دکھا کے جلوہ جلا دو مجھکو کہ خنجر ہجر سے تمہارے
دل فقیر حزین و مضطر ہوا قتیل و ذبیح یاغوث

الخاء

ہوئی غم سی گو دلمین سوراخ یا غوث
مگر تو ہے ہر غم کا نسّاخ یا غوث

بہارِ گلستانِ ایمان ہی تجھسے
مزیّن شریعت کا ہی کاخ یا غوث

نہالِ ولایت تری دم قدم سی
ہے شاداب کیا برگ کیا شاخ یا غوث

ترے خرمنِ فیض سی خوشہ چین ہین
تمامی سلاسل کے اشیاخ یا غوث

تو ابرِ کرم ہے فقیرِ حزین کے
مٹا دے گناہون کے اوساخ یا غوث

الدال

پہنسا ہون دامِ تفکر مین المدد یا غوث
کہ بے سبب ہین عدو درپئے حسد یا غوث

نہ کیون ہو سایہ جہان پر تمہارا رعب و جلال
علی شیرِ خدا ہین تمہاری جد یا غوث

بیان ہو میری زبان سی کہان یہ ممکن ہے
کہ فضل ہے ترا بیحد و بیعد یا غوث

ترے اشارہ سی سو بار مستغیثون کی
بلا ٹلی ہے قضا ہو گئی ہے رد یا غوث

جلائے مردے کئے کور بارہا بینا
کرامتون کی تری کچھ نہین ہی حد یا غوث

تو وہ حبیبِ خدا ہی کہ تیرا شمسِ کمال
رہیگا خلق مین تابندہ تا ابد یا غوث

وہ عز و شان ہی تری ملتی ہو ولایت کی
ہر اک ولی کو تری حکم سی سند یا غوث

نہ پہونچا پایۂ قصرِ کمال تک تیری
کسی ولی کا کبھی طائرِ خرد یا غوث

شہا فقیر کو محشر مین بخشوا لینا
تمہارا بندہ ہی ہے نیک یا کہ بد یا غوث

الذّال

تیرے احکام دو عالم میں ہیں نافذ یا غوث
ہیں ولی در سے تری فیض کے آخذ یا غوث

تیرے مستانِ مئ عشق و محبت کو مدام
تلخ و بے کیف ہیں دنیا کے لذائذ یا غوث

حصر اوصاف کا تیرے نہیں ممکن ہرگز
گو ہوں اشجار قلم برگ کواغذ یا غوث

آپکا در ہے دو عالم کا ملاذ و ملجا
ملتجی قطب ہیں افراد ہیں لائذ یا غوث

جب فقیر آپ سے محشر میں کہے خذ بیدی
ہے یقین کوئی نہوسکا مواخذ یا غوث

الرّاء

رسول اللہ کا ہے حسن تمہیں جلوہ گر یا غوث
علی کی جان ہو تم سبطین کے نور نظر یا غوث

سراسر تیرے چہرہ سے ہے تجلی حق کی ظاہر
خجل ہیں تیرے روئے پاک سے شمس و قمر یا غوث

قضا آئی ہوئی رد ہو گئی تیری غلاموں کی
رکھا تھا یہ تو جبہ میں تمہی حق نے اثر یا غوث

بس اپنے عشق میں اب مجھکو ایسا محو کر لیجے
کہ تن کا ہوش ہو کچھ اور نہ جان کی ہو خبر یا غوث

ترا ابرِ کرم گر آبیاری اپنی فرمادے
ابھی آئے مری نخلِ تمنا میں ثمر یا غوث

مریدی لاتخف جب قول ہے تیرا مریدوں کو
نہیں ہے فتنۂ دوراں کا کچھ خوف و خطر یا غوث

بلالے اپنی خدمت میں بفضل رسول اللہ
فقیر قادری کو مت پھرا اب در بدر یا غوث

شجرۂ طیبۂ قادریہ

ترا عاشق ہے خود غفّار یا غوث
جہاں ہو کیوں نہ تابعدار یا غوث

صلی اللہ علیہ وسلم

نبی نے خلعتِ تخصیص تجھکو — پنہایا ہے سرِ دربار یا غوثؓ

تجھے شیرِ خداؓ نے اولیا کا — کیا ہے قافلہ سالار یا غوثؓ

شہِ کرب و بلاؑ نے عشقِ حق کا — کیا تجھکو امانت دار یا غوثؓ

سکھائے حضرتِ سجادؓ نے ہین — عبادت کے تجھے اطوار یا غوثؓ

کئے ہین حضرتِ باقرؓ نے تلقین — طریقت کے تجھے اذکار یا غوثؓ

بتائے حضرتِ صادقؓ نے تجھکو — صفا و صدق کے کردار یا غوثؓ

ہین علمِ حضرتِ کاظمؓ کے ظاہر — ترے چہرہ پہ سب آثار یا غوثؓ

کئے حضرت رضاؓ نے تجھکو تعلیم — رضاے کبریا کے کار یا غوثؓ

تجھے معروفِ کرخیؒ نے پڑھائے — معارف کے سبھی اشعار یا غوثؓ

سریؒ نے سرِ حق تجھکو بتا کر — بنایا محرمِ اسرار یا غوثؓ

کیا تجھکو جنیدِؒ باصفا نے — جنود اللہ کا سردار یا غوثؓ

نیستانِ طریقت کا ہی تو شیر — بفیضِ شبلیِؒ دیندار یا غوثؓ

کیا ہے عبدِ واحدؒ نے ترا جام — مےِ توحید سے سرشار یا غوثؓ

کیا تفویض تجھکو بوالفرحؒ نے — بفرحت اپنا کاروبار یا غوثؓ

ہے تو ہی بحرِ حسن بوالحسنؒ کا — زمانہ مین دُرِ شہوار یا غوثؓ

عطا کی بوسعیدِؒ حق نما نے — سعادت کی تمہین دستار یا غوثؓ

ہوئے عالم مین تیرے دم سے جاری — خدا کے فیض کے انہار یا غوثؓ

تیرے ابرِ کرم سے باغِ دین کے
ہری ہیں سرسبز اشجار یا غوثؓ

دیا پھر آپ نے اپنے کرم سے
ہر اک کو حصۂ مقدار یا غوثؓ

بنایا عبدِ رزاقِ ولی کو
امامِ زمرۂ اخیار یا غوثؓ

دیا تو نے اونھیں گنجینۂ رزق
جہان ہی اوس سے برخوردار یا غوثؓ

کیا تو نے ابوصالح کو صالح
وہ عالی ہے تری سرکار یا غوثؓ

کیا بو نصر کو نصرت سے منصور
مدد ہی تیری اونکی یار یا غوثؓ

علو و عزتِ سید علی کا
تری رفعت سے ہے اظہار یا غوثؓ

نمایان ہیں رخِ موسیٰ سے یکسر
ترے جلال کے انوار یا غوثؓ

حسن کے حسن کی ہی تیرے شہ سے
جہان میں گرمیِ بازار یا غوثؓ

نہالِ احمدِ جیلی ہے بیشک
کرم سے تیرے پر اثمار یا غوثؓ

بہاء الدین نے ایما سے تیرے
بنایا ہند کو گلزار یا غوثؓ

ہے ابراہیم کا صدقہ سے تیرے
مقامِ قرب میں بار یا غوثؓ

بھکاری کا مقامِ فقر میں سب
ہے تو ہی مونس و غمخوار یا غوثؓ

ضیاء الدین کا تیری ضیا سے
عجب پُرنور ہے گھربار یا غوثؓ

جمالِ اولیا میں دیکھتے ہیں
ترا جلوہ اولوا الابصار یا غوثؓ

ترے ہی نوح کے تھے سید محمد
جہان میں عندلیب زار یا غوثؓ

کیا ہے سید احمد کو تو نے
رموزِ دین کا واقف کار یا غوثؓ

ہے فضل اللہ کا باغ فضائل	تری ہی فضل سے پر بار یا غوث
تری برکت سے حضرت برکت اللہ	ہوئی ہیں خواجۂ احرار یا غوث
ہوئی سب تجھ سے شہ آل محمد	نبی کے فیض کے مختار یا غوث
تری ہی کیف سے تھی شاہ حمزہ	دکان عشق کے خمار یا غوث
جناب آل احمد کو تہا ہر دم	کرم سے تیرے استظہار یا غوث
کیا تونے ہی شاہ عین حق کو	مجید و امجد ابرار یا غوث
کیا حضرت معین الحق کو تونے	شراب وصل سے سرشار یا غوث
وہ ہیں فضل رسول اللہ بیشک	نہ کیوں ہو اونپہ تیرا پیار یا غوث
دکھا کر اپنا بیداری میں جلوہ	کیا بخت اونکا کیا بیدار یا غوث
شراب عشق سے اپنی کیا مست	دکھا کر جلوہ رخسار یا غوث
جو منکر اونکے فضل و مجد کا ہے	اوسے ہے آپ سے انکار یا غوث
بس اب صدقہ سے ان خاصان حق کے	ہٹا دے سب مری افکار یا غوث
فقیر خستہ ہے بیمار تیرا	پلا دے شربت دیدار یا غوث
کرم کا منتظر حاضر ہے در پر	لگا دی اوسکا بیڑا پار یا غوث

الزاء

ہے ذات پاک تیری بیکس نواز یا غوث	مقبول ہو مرا بھی عجز و نیاز یا غوث
آئینۂ حقیقت ہے سینۂ منور	دونوں جہان کے تم ظاہر ہیں راز یا غوث

افراد مین ہو اکمل اقطاب مین ہو افضل
تم خیلِ اولیا مین ہو شاہباز یا غوث

نورِ حقیقتِ حق باطن مین میرے بہر دے
کر دُور میری دل سے زنگِ مجاز یا غوث

انکار سے قدم کے تیرے ہوے پریشان
قطبِ زمانہ خواجہ گیسو دراز یا غوث

نادم ہوے وہ جس دم تب آپ نے کیا تہا
اپنے کرم سے اونکو پہر سرفراز یا غوث

بیفکر و بیخطر ہے تیرا فقیر خستہ
تیرے کرم پہ اسکو ہر دم ہے ناز یا غوث

السّین

بہروسا ہے تمہارا مجھکو ہر دم ہر نفس یا غوث
کہ سب جن و بشر کے آپ ہین فریاد رس یا غوث

بہت بیچین ہے مضطر ہے طائرِ روح عاشق کا
ہے اسکو ہند پر آشوب اب مثلِ قفس یا غوث

رہِ بغداد مین شوقِ دلی ہے راہبر اپنا
صدائے آہ و نالہ عاشقونکا ہے جرس یا غوث

الٰہی پہر وہ دن آئے کہ جہاڑون اپنی پلکون سے
بیابانِ رہِ بغداد کی خاشاک و خس یا غوث

نظر خیرہ ہے جسکی نور سے خورشیدِ انور کی
تری روضہ کا وہ پرنور روشن ہے کلس یا غوث

وجودِ پاک تہا تیرا وجودِ رحمتِ عالم
کبہی بیٹہی نہ تیرے جسمِ اطہر پر مگس یا غوث

فقیرِ عبد قادر قادری کو دین و دنیا مین
ولا ہے تیری کافی نامِ نامی تیرا بس یا غوث

الشّین

جو دل ہے مضطرب اور جانکو ہے ہر دم تپش یا غوث
تری ہی جذبہ الفت کی ہے ساری کشش یا غوث

ولی ہو جائین فُسّاقِ جہان اور جور ہو عدل
تری فضل و کرم کی گر ہوا دنی پرورش یا غوث

جسے چاہین ابھی وہ سلطنت دارین کی دیدین
یہ ادنی ہی فقیرون کی تری داد و دہش یا غوث

ہی اونکا سکر عینِ صحو بیہوشی ہی ہشیاری
نرالی ہی تری مستانِ الفت کی روش یا غوث

دمِ افطارِ روزہ خوانِ نعمت غیب سی آیا
مثالِ منّ و سلویٰ آگیو بہر خورش یا غوث

کبھی بھی درہم و دینار ہین دنیا کی سب کھوٹی
ترا نقدِ محبت ہی مگر بے غل و غش یا غوث

فقیرِ قادری کو ہی بہروسہ آپکا کافی
نہین ہی رشتیِ اعمال سی کوئی خلش یا غوث

الصّادُ

تیری اوصاف و فضائل ہین مشخّص یا غوث
اولیا مین ہی تری ذات مخصّص یا غوث

جملہ اقطاب کے اوصاف کا مجموعہ ہے
تیری اک بابِ فضیلت کا ملخّص یا غوث

اک اشارہ مین تری ہو گئے مُردی زندہ
حکم سی آپکی ہوئے اکمہ و ابرص یا غوث

شربتِ وصل پلا مجھکو کہ فرقت مین تری
زندگی تلخ ہے اور عیش منغّص یا غوث

شاملِ حال ہو امداد تمہاری ہر دم
ہو فقیر آپکا دنیا سی مرخّص یا غوث

بلاؤن سی کر میری تخلیص یا غوث
گناہون سی تطہیر و تمحیص یا غوث

نبی نے تمہین مجمعِ اولیا مین
پنہایا ہے ملبوسِ تخصیص یا غوث

وہ دشمن ہے حق کا نبی و علی کا
کری جو کوئی تیری تنقیص یا غوث

کتب اولیا کی معارف کی ترے
ہین اک باب عرفان کی تلخیص یا غوث

ترا افضل سب اولیای جہان پر
ہے ثابت بتصریح و تنصیص یا غوث

تمہاری اطاعت کی کی ہر نبی نے
اکابر کو ترغیب و تحریص یا غوث

فقیر پریشان کی امداد کرنا
جہان سے ہو جب وقت ترخیص یا غوث

الضاد

ملک عرفان کے ہو تم وارث و قابض یا غوث
ہین حقیقت کے عیان تم پہ غوامض یا غوث

نام سے آپ کے ہو جاتی ہی اکدم مین شفا
سخت ہون کیسے ہی امراض و عوارض یا غوث

سب سلاسل مین ترے فیض کا دریا ہی روان
ہر جگہہ تیری ہی انوار ہین فائض یا غوث

خور ہی شرمندہ خجل ماہ ہے خیرہ انجم
دیکھکر آپ کا پرنور وہ عارض یا غوث

حکم حق لطف نبی سے ہی ترا افضل عیان
کسکو طاقت ہی کہ ہو تیرا معارض یا غوث

عرض ہی یہ کہ توجہ سے تری مجھکو کبھی
غم نہ لاحق ہو نہ ہو عارضہ عارض یا غوث

حکم صادر ہو ترا اجتبائی فقیر
پیش دربار مین جب ہون یہ عرائض یا غوث

الطاء

حصول مطلب سے کسکی دلکو ہووے کیون انبساط یا غوث
جو تیرے در پہ جا کے بیٹھے تری طلب کی بساط یا غوث

بلا کے اپنے حضور مین پھر پلا دے جام وصال مجھکو
ترے جدائی مین بے مزہ ہی جہان کا عیش و نشاط یا غوث

قدم کو تیری ادب سی سر نکیون کہین سب ولی گہری
تری اطاعت تری محبت وصول رب کا مناط یا غوث

کریگا بے روک ٹوک داخل قصور جنت مین سکو رضوان
تمہاری خدام در سی حاصل جسی ہے کچھ ارتباط یا غوث

فقیر خستہ کو روز محشر خطر ہے کیا زلت قدم کا
کریگا تیری کرم سی دم مین عبور راہ صراط یا غوث

الظاء

تیری سن سنکو وہ پر کیف مواعظ یا غوث
مرحبا کی ہین ملک جسپہ بخ لافظ یا غوث

بالیقین آپ ہان اپنا حیا کر ہی کیا
حضرت شیر خدا نے تمہین واعظ یا غوث

مردی جیتے تہی اشارہ سی نگہہ کی تیری
تہی قضا تابع ایمای لوحظ یا غوث

کانپتی تجھسے نکیون شاہ کہ تہی ذات تری
سرحد ملک شریعت کی محافظ یا غوث

ملک حسّاد سی امین ہی فقیر خستہ
نام ہے آپکا ہر حال مین حافظ یا غوث

العین

نہ عبادت ہی نہ کچھ زہد و تورع یا غوث
پر کرم سی ہی تری مجھکو توقع یا غوث

قطب ہین ہانیون وہ افراد زمانہ تیری
خرمن فیض سی ہے سبکو تمتع یا غوث

شیر مادر رمضان مین نہ پیا تم نے کبہی
تہا وہ طفلی مین عیان تیرا تشرع یا غوث

اوج رفعت سی وہ گرتا ہی سدا پستی مین
تجھسے جو چاہتا ہی اپنا ترفع یا غوث

کیسے کرتا ہی فقیر آپکے در پر زاری
اوسکا مقبول ہوا بعجز و تضرع یا غوث

ایضاً

بڑا ہی سب اولیا سے حق نے تمہاری شان رفیع یاغوث
تمہارے تابع ہیں جن و انسان ملک تمہارے مطیع یاغوث

مشائخ ہر ایک سلسلہ کے ہیں آپ کے در سب تمہارے
کہ عام ہے تیرا سفرۂ فیض و خوانِ نعمت وسیع یاغوث

کرم ہے تیرا جہانکو شامل امان کی ہے خلق تجھسے سائل
ہے سارے عالم کا آستانہ ترا ملاذ و منیع یاغوث

ولی و مخدوم و شیخ و سید فقیر و درویش و خواجہ سلطان
غریب و منعم گدا و بادشہ ہیں ترے ہی آگے سما جمیع یاغوث

بھی پاس تھا ابتدا سے تمکو شریعتِ مصطفے کا ہر دم
پیا نہ روزوں میں دودھ دنکو کہ تھے ابھی تم رضیع یاغوث

ہوئی تھی ستر جگہہ جو دعوت گئے تم اک آن میں ہر اک جا
کرامتوں کی ہے تیری حقا عجیب شانِ بدیع یاغوث

فقیر کا گو خطا ہے شیوہ گناہ کی ہو رہی ہے عادت
خطر ہے کیا پرسشِ عمل کا جو تو ہے اسکا شفیع یاغوث

الغین

شمیم سے ہے تری معطر سب اولیا کا دماغ یاغوث
شگفتہ ہے تیرے دم قدم سے جہاں میں عرفان کا باغ یاغوث

فیوض کا ہے بہے تیرے جلوہ کرم کا تیرے یہ پرتوہ
چمک رہا ہے جو سارے عالم میں اولیا کا چراغ یاغوث

مومنین کو تری جبیں سے جو غور کیجے تو کیا ہے نسبت
یہ صاف آئینہ حق نما ہے کلف کا ہے اسمیں داغ یاغوث

جہان کے سب اولیا ہے کامل نشہ سے ہیں جسکی مست و بیخود
تمہارے صہبائے وصل کا ہے خدا نما وہ ایاغ یاغوث

فقیر کی آرزو یہی ہے کہ مجھکو سب دوستوں کو میرے
تری کرم سے ہو دو جہاں میں نشاط و عیش و فراغ یاغوث

الفاء

عیاں ہی سارے عالم مین ترا عز و شرف یا غوث
جھکیں سب اولیا کی گردنیں تیری طرف یا غوث

وسیلہ سی تیری ہی سلسلہ کی ہر جگہہ ہر دم
مدد پر مین ہی شمشیر خدا شاہ نجف یا غوث

تمنا ہی رہین اخلاف ہی میری فدا تم پر
تمہارے جیسے مست عشق تھی میری سلف یا غوث

شراب عشق سی دے جان تازہ روح کو میری
عطا فرما دل و جانکو مری اپنا شغف یا غوث

مری جناب کی تیری حمایت ہو سپر ہر دم
عدو کا دل رہی تیر حوادث کا ہدف یا غوث

تری چہرہ کی ہے تشبیہہ ناقص بدر کامل کی
سراسر نور ہی یہہ اور وہ ہی پر کلف یا غوث

فقیر قادری بیخوف ہی اہل ضلالت سی
ترا فرمان عالی ہی مریدی لاتخف یا غوث

القاف

مثال شمس روشن تم پہ ہین چودہ طبق یا غوث
تمہیں سب اولیا ہی ما سبق پر ہے سبق یا غوث

بفضل رب تمہین ہو غوث الاعظم سید الافراد
بجز تیری نہین ہے کوئی اسکا مصدق یا غوث

دبستان ولایت مین تمہاری اسم اعظم کا
تمامی اولیاء اللہ پڑھتے ہین سبق یا غوث

تری اوصاف آسکتے نہین تحریر مین ہرگز
اگر ہفت آسمان ساتون زمین ہی ہون ورق یا غوث

حضوری سی تیری ہر چند پر آشوب مین ہو جا
یہی دن رات رہتا ہی مری دلکو قلق یا غوث

عطا ہو عزت و اقبال مجھکو دین و دنیا مین
بہ فضل رسول و بہر شاہ عین حق یا غوث

فقیر قادری ہے گو سراسر معصیت لیکن
ترا بندہ ہی شاہد اسکا ہی رب الفلق یا غوث

الکاف العربی

عیاں تیری حکومت ہی زمیں سے تا فلک یا غوث — تری دربار کے حضار میں ہیں خیل ملک یا غوث

ہو اسب اولیائے اولین کا شمس پوشیدہ — رہیگی تا ابد پر شمس کی تیری چمک یا غوث

جلا دیتی ہیں مردوں کو تمہاری نام نامی سے — گدایان در اقدس نہیں ہی اسمیں شک یا غوث

بری حالت ہی اب تو آپکے بیمار ہجراں کی — دکھا دو روی انور کی خدارا اک جھلک یا غوث

خزاں ہی سب بہار گلشن ہندوستاں مجھکو — جدائی میں تری ہر پھول ہی خار و خسک یا غوث

بلائیں سر سے ٹلجاویں عدو پامال ہوجاویں — تمہاری لشکر غیبی کی گر ہو وی کمک یا غوث

فقیر قادری کو پھر مشرف کر حضوری سے
رہی محروم پابوسی سے تیری کبتلک یا غوث

الکاف الفارسی

تمامی اولیا سے شان ہی تیری الگ یا غوث — تری مہر ولایت سے درخشندہ ہی جگ یا غوث

دلوں پر اولیا کے نقش تیرا اسم اعظم ہی — تری ہی ذات ٹھہری خاتم عرفاں کا نگ یا غوث

تصرف سے تری ہو جاتے ہیں بدکار بھی صالح — کئے دم بھر میں عارف قافلہ کی تو نے ٹھگ یا غوث

زباں ہی ہر بن مو تیری مدحت کے لئے میرا — محبت کا تری بھرتی ہی دم ہر ایک رگ یا غوث

مجھے دنیا کے شیروں کی خطر کیا ہی شرارت کا
عفی عنہ
فقیر قادری درگاہ کا ہی تیری سگ یا غوث

اللام

بُری ہین گرچہ میری جملہ افعال و عمل یا غوث
کرم سے تیرے ہر دم ہی امید و امل یا غوث

تمنا ہی کہ مرتے دم ہی دم بھرتا رہون تیرا
زبان پر آپکا ہو نام جب آئے اجل یا غوث

سخاوت ارث مین تجھکو ملی ہے شاہِ مردان سے
تری داد و دہش عالم مین ہے ضرب المثل یا غوث

پھنسا ہون دامِ غم مین سخت مشکل ہے کرم کیجے
بلا سے تیرے ملے راحت ملی مشکل سو حل یا غوث

جو چاہون حسبِ خواہش دین و دنیا مین دیدے یا الٰہی تو
کبھی ہونے نپاوی کام مین میری خلل یا غوث

تری گفتارِ شیرین جسنے سُن لی وہ بردا سکے
شکر ناچیز ہے بیقدر ہی قند و عسل یا غوث

فقیرِ عفیفِ قادری کو ہے فقط کافی کرم تیرا
رہین حساد کو آمادہ جنگ و جدل یا غوث

المیم

مٹادی اپنی رحمت سے مرا بھی رنج و غم یا غوث
کہ شامل ہے دو عالم کو ترا فضل و کرم یا غوث

تمامی اولیا رکھتے ہین اپنی اپنی گردن پر
خدا کے حکم سے ہر عصر مین تیرا قدم یا غوث

تری عشاق کی نعلین پر ہو جان سے قربان
مری جان و جگر علم و ہنر دام و درم یا غوث

سوا تمسا نہو گا حشر تک کوئی ولی ہرگز
یہ فرماتے ہین اہلِ معرفت کھا کر قسم یا غوث

سمجھتے ہین سکندر سے بھی کمتر در کے منگتا کو
گدا درگاہ کی تیری وہ ہین عالی ہمم یا غوث

سلاطینِ جہان کو فخر ہے جسکی گدائی کا
تری دربان کا یہ منصب ہے یہ جاہ و حشم یا غوث

مین اٹھتے بیٹھتے تیرا ہی ہر دم دم رہون بھرتا
زبان پر میری جاری نزع مین ہو یہ دم یا غوث

بدلوا دی برا ہو گر نوشتہ میری قسمت کا
تری قابو مین فضلِ رب سے ہی لوح و قلم یا غوث

بچالے ہر بلاسی مجھکو اپنا فضل رکھ مجھہ پر
دکھا پھر کربلا کا نور اور بغداد کا جلوہ

مٹادی حاسد ون کے جور اعدا کے ستم یا غوث
نجف کا روضہ اشرف مدینہ کا حرم یا غوث

فقیر قادری ہی اک تری درگاہ کا کتا
یہی کہتے ہین اسکو سب عرب تا عجم یا غوث

النون

امام اولیای دہر ہو تم بالیقین یا غوث
تری ہی دم قدم سی جان تازہ آگئی دین مین
ثری سی تا ثریا سب تری محکوم فرمان ہین
مشائخ قادری چشتی ہون یا وہ سہروردی ہون
قضا کا پھیر دنیا تمکو آسان ہی کہ ٹہری تم
فضیلت ہی یہہ تیری مجمع اہل ولایت مین

تمہاری حکم محکم کے ہین سب زیر نگین یا غوث
سو اتیری لقب کسکو بلا ہی محی دین یا غوث
ملک خادم فلک تابع مسخر ہے زمین یا غوث
وہ یا ہون نقشبندی سب ترے ہین خوشہ چین یا غوث
مکان کن فکان کے حکم خالق سی مکین یا غوث
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیا اپنا تجھے مسند نشین یا غوث

تمنا ہے کہ تیرے سنگ در کی جبہہ سائی سی
فقیر قادری کی پھر منور ہو جبین یا غوث

الواو

در حضور پہ بیٹھی ہین مجھسی سو یا غوث
کسی ولی کو خبر جسکی سیر کی نہ ملی
عیان خدا کی تجلی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوہ ہے

لگائی تیری محبت کی لو مین لو یا غوث
ترا سمند شرف ہی وہ تیز رو یا غوث
بیان ہو کیا تری دربار کی جلو یا غوث

جہان ہی سب ترا عمر ہون منت جسمان
ولی ہین ساری ولایتین ہی گرد یا غوث

سدا فقیر کو حاصل ہو نعمت دارین
ملے جو آپکے لنگر سے ایک جو یا غوث

الہاء

وہ پُر ضیا ہین کہ ہر ذرہ ہی رہ یا غوث
خجل ہین جنکی تجلّی سے مہر و مہ یا غوث

ترا جمال ہے آئینہ جمالِ نبی
جلالِ حق ہی تری قہر کی نگہ یا غوث

تمہارا نام ہی بس حفظِ ہر بلا کے لئے
غرض سے تیری نکُچھ حاجت رہ یا غوث

ترے ہی لطف سے عقدہ مرا یہ حل ہوگا
پڑی ہی رشتۂ امید مین گرہ یا غوث

بیان ہو کیا تری قدرت کا تو اگر چاہی
طلا ہو خاک نظر سے گدا ہو شہ یا غوث

ہو کیسے کوئی ولی تیری قرب سے آگاہ
کہ تیری خاص ہی مخدع مین جلوہ گہ یا غوث

امید ہی کہ کرم سے تری بغیر حساب
فقیر خستہ کی مغفور ہون گنہ یا غوث

الیاء

غمون سے اب مری حالت خراب ہی یا غوث
جگر ہی خستہ ہی دل ہی کباب ہی یا غوث

امام زمرۂ اقطاب سید الافراد
خدا کے فضل سے تیرا خطاب ہی یا غوث

ترے ہی در سے ہو فیضیاب جملہ ولی
ترا وہ باب ولایت مآب ہی یا غوث

نبی کے باغ کے ہو تم گلِ ہمیشہ بہار
تمہاری رخ پہ وہی آب و تاب ہی یا غوث

شہ رسل سی شہا تونی تربیت پائی
تری مدد پہ شہ بوتراب ہی یا غوث
ہوی ہین مست جسی پیکی عاشقان نبی
ولا کا تیری وہ جام شراب ہی یا غوث

سوال قبر و حساب عمل کو تیرا نام
فقیر خستہ کا کافی جواب ہی یا غوث

خدا نے تمکو دیا جو کمال ہی یا غوث
بیان ہو مجھسے یہ بیشک محال ہی یا غوث
جناب ختم رسل شاہ دو جہان کا عیان
تمہاری چہرہ پہ حسن جمال ہی یا غوث
ڈری نہ تجھسے جہان کیون کہ جلوہ گر تجھپر
جناب شیر خدا کا جلال ہی یا غوث
جہانمین جتنے ولی ہین ہر ایک کی گردن
تری قدم کے تلی پائمال ہی یا غوث
شراب وصل پلا دے کہ اب ترا عاشق
تجھی سی طالب کاس وصال ہی یا غوث
کری جو چون و چرا انکو ابدال نہ نونکو دی
ترا کرم ترا جود و نوال ہی یا غوث
رضا کا تیری طلبگار ہون دل و جان سے
نہ مجھکو خواہش مال و منال ہی یا غوث
جلا دی مردی کری آگ سرد دریا خشک
وہ بات تجھکو ترا اسرو حال ہی یا غوث

کرم کرو کہ در پاک پر ادب سے کھڑا
فقیر قادری بہر سوال ہی یا غوث

نبی کو تیری ستایش پسند ہی یا غوث
علی کا تو خلف ارجمند ہی یا غوث
نبی علی کا جو جایا ہی تو وہ آب دہان
ہر ایک بات تری رشک قند ہی یا غوث
وہ شہسوار ولایت ہی تو کہ تیز قدم
ہر اک ولی سی ترا ہی سمند ہی یا غوث

تری ہی فیض تو جو ہے تخت فارس پر
ہو جلوس شہ نقشبند ہے یا غوث

تری قدم کے تلے ہیں سب اولیا جہان
ترا وہ منصب عالی بلند ہے یا غوث

جو کوئی تمسے توسل کرے تو پھر اسکو
بلا کا خوف نہ بیم گزند ہے یا غوث

نگاہ لطف و کرم کر طفیل فضل رسول
کہ یہ فقیر ترا دردمند ہے یا غوث

تمہارا نام حصار نبرد ہے یا غوث
دوا ہی ہر مرض رنج و درد ہے یا غوث

جلال ہے وہ عیان تیری نام نامی کی
کہ جسکے آگے ہوئی آگ سرد ہے یا غوث

تمہاری دوش پہ پای نبی ہے تیرا قدم
تمہاری گردن ہر قطب فرد ہے یا غوث

تری ہی ہاتھ سے سلطان شہر دی کو
ملا کرامت عرفان کا ورد ہے یا غوث

نہ گرد آئے بلا اسکی جسکو چھو جائے
وہ آپکی در دولت کی گرد ہے یا غوث

پر ملائکہ ہوں فرش راہ اسکے لئے
تری دیار کا جو رہ نورد ہے یا غوث

فقیر خستہ کو فرحت سے سرخ رو کردی
کہ فکر و رنج سے رخ اسکا زرد ہے یا غوث

آپکے حکم میں ہے نیک سرشتی یا غوث
جنتی تمنے کئی لاکھوں کنشتی یا غوث

بحر زخار سے نکلی تھی کئی سال کے بعد
حکم سے آپکے ڈوبی ہوئی کشتی یا غوث

دوزخی ہے جو تری فضل کا منکر ہے شہا
متبع حکم کا ہے تیرے بہشتی یا غوث

لطف سے تیرے ہوئے والی و شاہنشہ ہند
قبلہ و کعبہ دین خواجہ چشتی یا غوث

نام سے آپ کے اُمید یہ رکھتا ہے فقیر
میرے اعمال کی سب دے رہو زِشتی یا غوث رضہ

اولیا پر ہی مُسلّم تری شاہی یا غوث
اولیا کو بھی مُیسّر ہوا عالم مین
فیض سے تیرے ہی سُلطانِ مشائخ ٹہری
نور سے اپنی کرامت کی پیئے فیضِ رسُول رضہ

ہی عیان سب پہ یہ تا ماہ زماہی یا غوث رضہ
تیری اوصاف کا ادراک کماہی یا غوث رضہ
ہند مین حضرتِ محبوبِ الٰہی یا غوث رضہ
دور کر دِل سے مرے زنگ و سیاہی یا غوث رضہ

اب ہی یہ دل کی تمنا کہ فقیرِ مضطر
سر کے بل ہو وے تری راہ مین راہی یا غوث رضہ

تمام خلق کا تو دستگیر ہی یا غوث
شدِ رسُل کے ہو نورِ نظر ہو تم سے
ہین اولیا جہان مُستفید سب تم سے
تمہین کو ملک مُلکتِ سرِ معرفت مین کیا
تمہاری خاکِ قدم پر ہزار جان سے نثار
تمھین ہو فضلِ اقطاب و کملِ افراد
یہ پاسِ شرعِ رضا مین تہا کر و فرو تمیز
شرابِ عشق سے مخمور و مست ہے تیری
عدو کے مکر سے کیا ڈر مجھے کہ تیرا نام

حبیب خاصِ خدا ہی قدیر ہے یا غوث رضہ
فروغِ نسلِ جنابِ امیر ہی یا غوث رضہ
لقب حضور کا پیران پیر ہے یا غوث رضہ
خدا نے صاحبِ تاج و سریر ہے یا غوث رضہ
گلاب و صندل و مشک و عبیر ہے یا غوث رضہ
کوئی ولی نہ تمہارا نظیر ہے یا غوث رضہ
پیا نہ آپ نے مادر کا شیر ہے یا غوث رضہ
مری سلف و ہی میرا خمیر ہے یا غوث رضہ
خدا کے فضل سے ہر دم نصیر ہے یا غوث رضہ

تری کرم سے بھروسہ ہے قبر و محشر میں
نہ مجھکو کچھ بھی خطر دار و گیر ہے یا غوث

نگاہ فضل و کرم کیجیے اس عاجز پر
تمہاری در کا یہ ادنی فقیر ہے یا غوث

تری ہی فیض کے محتاج ہیں سارے ولی یا غوث
دیا کیا حقتعالی نے تجھے فضل جلی یا غوث

مصیبت میں کسی نے استغاثہ جب کیا تُمسے
قضائے بد ہوئی رد اور بلا سر سے ٹلی یا غوث

نسیم فیض سے تیری ہی گلزار ولایت میں
شجر سرسبز ہے خندان ہے گل تازہ کلی یا غوث

بیان کیا درد ہجران کی ہو کیفیت کہ سب تجھپہ
عیان ہے بیقراری جان کی دل کی بیکلی یا غوث

زمیں سے آسمان تک نیک و بد سب حال عالم کا
مثال آئنہ دلپر ہے تیری منجلی یا غوث

تری گفتار شیرین میں ہے لذت شہد خالص کی
مزے میں ہے تری ہر بات مصری کی ڈلی یا غوث

تری ہی گیسوئے مشکین کی خوشبو سے معطر ہے
مثال روضۂ رضوان حما کی ہر گلی یا غوث

تمنا ہے مری مقصد کی ڈالی باغ عالم میں
تری افضال سے ہر دم رہے پھولی پھلی یا غوث

کھلایا غنچۂ دل دی شفا بیمار ہجران کو
ہوا ہے جانفزا بغداد کی جسدم چلی یا غوث

پیے گا شربت وصل ہی گلزار جنت میں
تمہاری عشق کی آتش سے جان جسکی جلی یا غوث

قطعہ تاریخ

فقیر قادری کی ہے تمنا مرتے دم بھی ہو
زبان پر میری جاری یا محمد یا علی یا غوث

از مؤلف

فقیر قادری بردہ ہے شاہنشاہ جیلان کا
نہ عالم ہے نہ شاعر ہے نہ صوفی ہے نہ زاہد ہے

شہنشاہ رسل کا امتی بندہ ہے رحمان کا
مگر خادم ہے دل سے اہل علم و اہل عرفان کا

لکھے اشعار جب مدحت محبوب سبحان کے	ارادہ تب کیا احباب نے ترتیب دیوان کا
مرتب جب ہوا دیوان کہی تاریخ ہاتف نے	گلستان کیا کھلا اب مدحت محبوب سبحان کا ۱۳۰۳ھ

قطعہ تاریخ از مولوی انوار الحق صاحب زید مجدہ

نوشتہ چون جناب عبد قادر	بمدح غوث اعظم تازہ دیوان
بجست انوار تاریخش زہاتف	بگفتہ فیض جود شاہ جیلان ۱۳۰۳ھ
گردد چو انشا این دیوان اقطب ربانہ عبد القادر	آنکہ بایمان و ادروانی کرد بپا ارکان عقیدت
فکر نمود انوار پریشان از پے سال طبع دیوان	ہاتف غیبی سال طبعش گفت بہارستان عقیدت ۱۳۰۳

از حکیم محمد التفات حسین صاحب گلشن زید مجدہ

دیوان منقبت ہر کیا یہ گلشن مزہ کا	نشہ سے معرفت کے گویا بھرا ہی ساغر
کیف مے محبت کچھ اسمیں ایسا پایا	دل نے کہا کہ یہ ہی جام شراب کوثر

قطعہ تاریخ و تقریظ نتیجہ طبع منیر جناب مولوی محمد امتیاز احمد صاحب تاثیر سالک مطبع

مری استاد حضرت عبد قادر نے لکھا دیوان	عجب دلکش بطرز نو بمدح شاہ جیلانی
سن تصنیف میں تاثیر لکھہ مصرع دعائیہ	ملے خلد بریں جنبہ صلا محبوب سبحانی ۱۳۰۳ھ

سالک مسلک فنا و بقا	الفقیر المعمور	رہبر و منزل خدادانی
عارف ذات کبریا لاریب		واقف نکتہ ہائے پنہانی
نائب حضرت رسول اللہ		بر سرش چتر ظل رحمانی
جلوہ صدق حضرت صدیق		شان عدل خلیفہ ثانی